https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/
dailybalochistanobserver@gmail.com
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ
روزنامہ
Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نثار احمد
جلد 19 | جمعہ 9 اکتوبر 2026ء | 24 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 175

اپوزیشن قائدین کا مذاکرات کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات سے مشروط کرنے پر اتفاق

دہشت گردی ہے تو اس کے خلاف ایکشن کریں، دہشت گردوں کیخلاف آپریشن کیلئے پالیسی ضرور ہونی چاہیے، تاکہ عوام ساتھ ہوں

محمود خان اچکزئی کا علامہ ناصر عباس سے رابطہ، آل پارٹیز کانفرنس پر مشاورت، مذاکرات سے متعلق حکمت عملی پر گفتگو' میرا مولانا فضل الرحمان سے کوئی رابطہ نہیں ہوا، بیرسٹر گوہر نے جمعیت علما اسلام کے سربراہ سے رابطے کی تردید کردی

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن قائدین نے مذاکرات کو بانی پاکستان تحریک انصاف سے ملاقات سے مشروط کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کوئٹہ سے سینیٹ میں قائد حزب اختلاف علامہ ناصر عباس سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، محمود اچکزئی اور علامہ ناصر عباس نے آل پارٹیز کانفرنس پر مشاورت کی۔ ذرائع نے کہا کہ دونوں اپوزیشن قائدین نے مذاکرات سے متعلق حکمت عملی پر بھی مشاورت کی۔ دوسری جانب چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے جمعیت علما اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے رابطے کی تردید کردی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میرا مولانا فضل الرحمان سے کوئی رابطہ نہیں ہوا اور نہ (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف، بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللہ بن راشد الزیانی ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم سے بحرینی وزیرخارجہ کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان اور بحرین کے درمیان دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو سراہتے ہوئے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی اور افرادی قوت کی استعداد کار میں اضافے سمیت (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

بحرینی وزیر خارجہ کی فیلڈ مارشل سے ملاقات، خطے کی سلامتی کی صورتحال پر گفتگو

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان اور بحرین کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو اجاگر کیا

راولپنڈی (این این آئی) بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے جی ایچ کیو راولپنڈی میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ پاک فوج کے (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

صدر زرداری سے وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے وفاقی محتسب کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے عوامی شکایات (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

حکومتی مذاکراتی کمیٹی نے فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیراعظم کو پیش کردی

مولانا فضل الرحمان مذاکراتی ڈیڈلاک کے خاتمے اور تنازعات کو طے کرانے کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کو تیار ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) حکومتی مذاکراتی کمیٹی نے جمعیت علما اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کردی (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

زیارت مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر دہشتگردی حملے کی تحقیقات کیلئے قائم تحقیقاتی کمیشن کی کھلی عدالت میں سماعت

سماعت کے دوران مانگی ڈیم دہشت گرد حملے سے متعلق متعدد گواہ کمیشن کے روبرو پیش ہوئے اور اپنے بیانات قلم بند کرائے

سماعت کے دوران عدالت کے حکم کی تعمیل میں ایڈیشنل سیکرٹری ہوم بھی کمیشن کے روبرو پیش ہوئے

کوئٹہ (خ ن) زیارت میں مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر ہونے والے دہشت گردی کے حملے کی تحقیقات کیلئے قائم تحقیقاتی کمیشن جسٹس محمد عامر نواز رانا نے کھلی عدالت میں سماعت کی۔ سماعت کے دوران مانگی ڈیم دہشت گرد حملے سے متعلق متعدد گواہ کمیشن کے روبرو پیش ہوئے اور اپنے بیانات قلم بند کرائے، جن میں سابق رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ خان زیرے بھی شامل تھے۔ نصر اللہ خان زیرے نے کمیشن کو واقعے (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

فیول اسکیم مستحقین تک محدود ہو، آئی ایم ایف کا وسیع پیمانے پر فیول اسکیم فوری ختم کرنے کا مطالبہ

سبسڈی کو مزید وسعت نہ دی جائے اور صرف مستحقین تک محدود ہو

اسلام آباد (این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کے ساتھ اقتصادی جائزہ مذاکرات کا اعلامیہ جاری کردیا جس میں وسیع پیمانے پر فیول اسکیم فوری ختم کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق پاکستان کے ساتھ اسٹاف لیول معاہدے کے بعد اب پاکستان کو 1.21 ارب ڈالر مل جائیں گے، آئی ایم ایف کا ایگزیکٹو بورڈ (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

صدر مملکت سے بحرینی وزیر خارجہ کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

پاکستان بحرین کے ساتھ اپنے تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، صدر زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان اور بحرین کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور سیکیورٹی تعاون مزید مضبوط بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان بحرین کے ساتھ اپنے تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، پاکستان اعتماد سازی، اختلافات کو کم کرنے اور خطے میں دیرپا امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے لئے تمام فریقین کے ساتھ تعمیری روابط کے عزم پر قائم ہے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

حکومت کا مقصد صرف نوجوانوں کو سرٹیفکیٹ دینا نہیں، انہیں اپنے پیروں پر کھڑا کرنا ہے، سرفراز بگٹی

حکومت نوجوانوں کو غیر قانونی سرگرمیوں کے بجائے قانونی معیشت کا حصہ بننے کیلئے مواقع، وسائل اور رہنمائی فراہم کررہی ہے، بلوچستان کی بچیوں کو تشدد کی طرف لے جانے، انہیں خودکش جیکٹس پہنانے اور ریاست مخالف سرگرمیوں کیلئے استعمال کرنے کی کوششیں نہ معاشرے کی روایات سے مطابقت رکھتی ہیں

جب بلوچستان کی خواتین آگے بڑھیں گی تو وہ اپنے بھائیوں، شوہروں اور بچوں کو بھی ترقی اور مثبت سرگرمیوں کی طرف لے جائیں گی۔ حکومت اسی وژن کے تحت خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے عملی اقدامات کررہی ہے' وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوانوں اور ریاست کے درمیان موجود خلیج کو تعلیم، ہنرمندی، روزگار، میرٹ اور بامعنی مکالمے کے ذریعے ختم کیا جائے گا۔ حکومت نوجوانوں کو غیر قانونی سرگرمیوں کے بجائے قانونی معیشت کا حصہ بننے کیلئے مواقع، وسائل اور رہنمائی فراہم کررہی ہے۔ حکومت کا مقصد صرف نوجوانوں کو تربیت دے کر سرٹیفکیٹ دینا نہیں بلکہ انہیں اپنے پیروں پر کھڑا کرنا ہے، حکومت بلوچستان ہنر سیکھنے والے نوجوانوں کو سازگار ماحول، بلاسود قرضے، کاروباری معاونت اور مسلسل رہنمائی فراہم کرے گی تاکہ وہ اپنے علاقوں میں یا ملک کے کسی بھی حصے میں باعزت کاروبار شروع کرسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ کوئٹہ میں محکمہ صنعت و تجارت حکومت بلوچستان اور بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے زیر اہتمام حکومت بلوچستان کے فنڈڈ ریزیلینس، انٹیگریشن اینڈ سوشیو اکنامک (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

پاک بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کے معاہدے پر دستخط کردیئے

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے پاکستان۔ بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کی روداد پر مشتمل پروٹوکول پر دستخط کئے

تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، فوڈ سکیورٹی، تیل، گیس اور معدنیات کے شعبوں میں تعاون پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور بحرینی وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے پاک بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کے معاہدے پر دستخط کئے ہیں جس میں تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، فوڈ سکیورٹی، تیل، گیس، معدنیات، بحری امور، انفارمیشن ٹیکنالوجی، صحت، تعلیم اور افرادی قوت میں باہمی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

اسمگلنگ روکنے کیلئے پیٹرولیم سپلائی چین کی ڈیجیٹلائزیشن پر کام جاری ہے، علی پرویز ملک

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ اسمگلنگ روکنے کیلئے پیٹرولیم سپلائی چین کی ڈیجیٹلائزیشن پر کام جاری ہے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے پیٹرولیم کے اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ مارچ تک (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی حکومت اور بی آر ایس پی کے اشتراک سے شروع کردہ پروگرام رائز بلوچستان کے تحت تربیت مکمل کرنے والی خواتین کو سرٹیفکیٹس دینے کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پی ٹی آئی سے مذاکرات کا عندیہ، مولانا فضل الرحمان کا وزیراعظم سے جلد رابطے کا امکان

حکومت کی مذاکراتی ٹیم نے مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کردی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اور جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے درمیان جلد رابطے کا امکان ہے اور مولانا فضل الرحمٰن (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

3 نومبر کے مڈٹرم الیکشن سے پہلے ایران پر حملہ نہیں کریں گے، ٹرمپ

تہران کیساتھ نتیجہ خیز بات چیت جاری ہے، ایرانی معاشی و فوجی صورتحال انتہائی خراب ہے، امریکی صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا ایران کے ساتھ نتیجہ خیز بات چیت کررہا ہے، 3 نومبر کو ہونے والے امریکی مڈٹرم انتخابات سے پہلے ایران پر حملہ نہیں کیا جائے گا۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے ایکس اکاؤنٹ پر جاری بیان کے مطابق انہوں نے کہا کہ وہ سب پر واضح کرنا چاہتے ہیں کہ ایران کی معاشی اور فوجی صورتحال انتہائی خراب ہے (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب کا حوثیوں کے مزید 3 بیلسٹک میزائل تباہ کرنے کا دعویٰ

ریاض (این این آئی) سعودی فوجی اتحاد نے یمن کی حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی عرب پر داغے گئے مزید 3 بیلسٹک میزائل تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ سعودی فوجی (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کی معیشت میں زراعت، باغات اور لائیوسٹاک کو بنیادی اہمیت حاصل ہے، جعفر مندوخیل

موسمیاتی تبدیلی سے ہم آہنگ طریقہ ہائے کاشت اور کسانوں کی جدید تربیت کے ذریعے زرعی پیداوار میں نمایاں اضافہ کیا جاسکتا ہے

صوبے کے چھوٹے کاشتکاروں، زمینداروں، مالداروں، خواتین اور نوجوانوں کو بھی ترقیاتی پروگراموں کا حصہ بنایا جائے' گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا ہے کہ صوبے میں انفرااسٹرکچر کی تعمیر، عوامی فلاح و بہبود اور دورافتادہ علاقوں کی ترقی کیلئے اقوام متحدہ کے ذیلی اداروں سمیت تمام بین الاقوامی تنظیموں کے ساتھ خوشگوار تعلقات برقرار رکھے گئے ہیں جن کے مثبت اثرات تعلیم، صحت، زراعت اور صاف پانی کی فراہمی سمیت مختلف شعبوں میں سامنے آرہے ہیں۔ بلوچستان کے دورافتادہ اور پسماندہ اضلاع (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

قانونی شرائط کو نظرانداز کرکے کسی شخص کو پنشن دینے کا حکم نہیں دیا جاسکتا، آئینی عدالت

وفاقی آئینی عدالت نے اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ اور وفاقی محتسب و صدرِ پاکستان کے احکامات کالعدم قرار دے دیئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ وفاقی محتسب پنشن کی قانونی شرائط کو نظرانداز کرکے کسی شخص کو پنشن دینے کا حکم نہیں دے سکتا جبکہ عدالت نے ای او بی آئی کی اپیل منظور کرتے ہوئے اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ اور وفاقی محتسب و صدرِ پاکستان کے احکامات کالعدم قرار دے دیے۔ چیف جسٹس امین الدین خان کے تحریر کردہ بارہ صفحات (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

پنجگور، گھر پر دستی بم حملہ اور مسلح افراد کی فائرنگ، پولیس اہلکار جاں بحق

پنجگور (این این آئی) بلوچستان کے ضلع پنجگور کے علاقے خدابادان میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس اہلکار کے گھر پر دستی بم سے حملہ کرنے کے بعد خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

پاکستانی بانڈز میں خلیجی سرمایہ کاروں کی دلچسپی بڑھ گئی، ستمبر میں کروڑوں ڈالر کی سرمایہ کاری

خلیجی سرمایہ کاری میں اضافے سے پاکستان کیلئے نئے ذرائع پیدا ہونے اور مالیاتی استحکام کے امکانات بڑھ رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) خطے میں غیر یقینی صورتحال کے باوجود پاکستانی بانڈز خلیجی سرمایہ کاروں کی توجہ کا مرکز بن گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ستمبر کے پہلے 25 روز کے دوران خلیجی سرمایہ کاروں نے پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز میں مجموعی طور پر (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

صدر پوتن نے رمضان قادروف کو آرمی جنرل کا اعلیٰ عسکری رینک دے دیا

رمضان قادروف کو یہ رینک دہشتگردی، انتہا پسندی کیخلاف کارروائیوں، روس کی داخلی و عوامی سلامتی یقینی بنانے کے اعتراف میں دیا گیا

ماسکو (این این آئی) روسی صدر ولادیمیر پوتن نے چیچن ری پبلک کے سربراہ رمضان قادروف کو آرمی جنرل کا اعلیٰ عسکری رینک دے دیا ہے۔ چیچنیا کے دارالحکومت گروزنی میں منعقدہ پروقار تقریب میں روسی نیشنل گارڈ کے سربراہ وکٹر زولوتوف نے رمضان قادروف کو آرمی جنرل کے نئے شولڈر بورڈز اور خصوصی دستوں کی علامت سمجھا جانے والا قرمزی بیرٹ پیش (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

دکی کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے ایک کانکن جاں بحق ہوگیا

کوئٹہ (این این آئی) دکی کوئلہ کان میں مٹی کا تودہ گرنے سے ایک (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

حکومت گوادر پورٹ کے مکمل طور پر فعال بنانے کیلئے بھرپور تعاون اور مکمل حمایت فراہم کررہی ہے، چوہدری جنید

ملاقات کے دوران وفد نے گوادر پورٹ کے مؤثر اور پائیدار آپریشن کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا

وفاقی وزیر برائے بحری امور چوہدری جنید سے جمعرات کو سینیٹر جان محمد بلیدی، ایم این اے پھلین بلوچ کی قیادت میں وفد کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور چوہدری جنید سے جمعرات کو سینیٹر جان محمد بلیدی، ایم این اے پھلین بلوچ، گوادر چیمبر کے صدر نوید کلمتی اور انجینئر حمید بلوچ نے ملاقات کی اور گوادر پورٹ کو فعال بنانے اور اسے مکمل طور پر فعال و کارآمد بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات کے دوران وفد نے گوادر پورٹ کے مؤثر اور پائیدار آپریشن کو یقینی بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ وفاقی وزیر (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے صوبائی مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی ملاقات کررہی ہیں

جج پر بعض صحافی 5 سے زائد مرتبہ کیسے گئے؟ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں انکشاف

یہاں جس کی لاٹھی اس کی بھینس والا معاملہ چل رہا ہے، کنوینئر کمیٹی اعجاز الحق

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور کی (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

پنشن کیلئے 15 سال کی شراکت لازمی ہے' وفاقی آئینی عدالت نے ای او بی آئی کی اپیل منظور کرلی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے ای او بی آئی پنشن کیلئے کم از کم 15 سال کی شراکت کو لازمی قرار دیتے ہوئے سابق بینک ملازم کے پنشن سے متعلق کیس (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی کی قیادت نے 40 ہزار دہشتگردوں سے متعلق کہا یہ اپنے بچے ہیں، حنیف عباسی

چاہے علی امین گنڈاپور ہوں یا سہیل آفریدی دہشت گردی کے خلاف ان کی پالیسی ایک جیسی ہے، وفاقی وزیر ریلوے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی نے خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے حوالے سے کہا ہے کہ چاہے علی امین گنڈاپور ہوں یا سہیل آفریدی دہشت گردی (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

تھرکول ریل رابطہ منصوبے کیلئے 10 ارب روپے کی منظوری

سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس ہوا مختلف وزارتوں اور ڈویژنز کے 17 نکاتی ایجنڈے پر غور

چھوٹے کاروباروں، کسانوں، سستی رہائش، ترقیاتی منصوبوں اور مختلف شعبوں کیلئے اہم اقدامات اور فنڈز کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں مختلف وزارتوں اور ڈویژنز کے 17 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا گیا۔ اقتصادی رابطہ کمیٹی نے چھوٹے کاروباروں، کسانوں، سستی رہائش، ترقیاتی منصوبوں اور مختلف شعبوں کیلئے اہم اقدامات اور فنڈز کی منظوری دے دی۔ اقتصادی رابطہ کمیٹی نے چھوٹے کاروباروں اور کسانوں کو قرضوں کی فراہمی بڑھانے کیلئے اسٹیٹ بینک کے تیار کردہ نئے مالیاتی طریقہ کار کی منظوری دے دی۔ نئے طریقہ کار کے تحت مائیکروفنانس اور دیگر غیر بینکاری مالیاتی ادارو (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

پاکستان نے حوثیوں کے خلاف پاک فضائیہ کے استعمال کی خبر کو جھوٹ قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اطلاعات و نشریات کی جانب سے جاری کردہ فیکٹ چیک کے مطابق حوثیوں کے (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر بحری امور چوہدری سے سینیٹر جان محمد بلیدی ایم این اے پھلین بلوچ گوادر چیمبر کے صدر نوید کلمتی اور انجینئر حمید بلوچ کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر عاصم کرد گیلو اور صوبائی مشیر بابا غلام رسول عمرانی ملاقات کر رہے ہیں

خواتین صوبے کی معیشت میں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں، بلال کاکڑ

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ خواتین کی کاروباری استعداد بڑھانے اور انہیں معاشی طور پر خودمختار بنانے کے عمل میں اپنا کردار جاری رکھے گا

خواتین کو معاشی سرگرمیوں کا حصہ بنانا صوبے کی مجموعی ترقی اور خوشحالی کیلئے ناگزیر ہے' وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے کے دیہی علاقوں کی خواتین کو کاروباری لحاظ سے بااختیار بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے زیر اہتمام دیہی خواتین کی کاروباری تربیت اور آگاہی کیلئے 15 اکتوبر کو ایک خصوصی تقریب منعقد کی جائے گی، جس میں (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

دکی، گھر سے ناراض ہو کر نکلنے والے دو بھائیوں کی لاشیں کوئلہ کان سے برآمد

دکی (این این آئی) دکی کے مقامی کوئلہ کان سے دو بھائیوں کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں، دونوں بھائی زہریلی گیس بھرنے (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

ڈیزل اتنا مہنگا کبھی نہیں ہوا، عوام کی تکلیف کا احساس ہے، علی پرویز

ہم نے کچھ نہیں چھپایا ہر چیز اوگرا کی ویب سائٹ پر موجود ہے، پیٹرولیم لیوی 80 روپے کی حد تک وصول کی جارہی

پیٹرولیم لیوی کے اہداف بجٹ میں مختص ہیں، ملٹی لیٹرل پارٹنر کے بغیر لیوی کے ہدف میں تبدیلی نہیں کرسکتے، بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ دنیا کی تاریخ میں ڈیزل اتنا مہنگا کبھی نہیں ہوا، عوام کی تکلیف کا احساس ہے۔ جمعرات کو مصطفیٰ محمود کی صدارت میں قائمہ کمیٹی پیٹرولیم کا اجلاس ہوا، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے شرکت کی اور صورتحال پر بریفنگ دی۔ کمیٹی اجلاس میں پیٹرولیم قیمتوں کے بارے میں اراکین کے سوالات کیے گئے، وزیر پیٹرولیم علی پرویز نے کہا کہ علاقائی کشیدگی کے باعث (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

عوامی رابطے اور سیاسی کردار کے باعث آج بھی فیصلہ کن قوت کی حیثیت رکھتی ہے' مولانا عبدالواسع

رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف حکومت کے ناروا، امتیازی اور انتقامی طرزِ عمل پر اب خاموش تماشائی نہیں بنیں گے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام صوبہ بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ رہنماؤں اور کارکنوں کے خلاف حکومت کے ناروا، امتیازی (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

مارکیٹ میں اشیائے ضروریہ کی دستیابی اور قیمتوں کی مسلسل نگرانی کی جائے' احسن اقبال

عالمی منڈی میں ڈی اے پی کی قیمتوں میں کمی کے باوجود پاکستان میں اس کی قیمتیں بلند رہنے کی وجوہات کا جائزہ لیا جائے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

دبا میں آکر پی ٹی آئی کو ریلیف نہیں دیں گے، خواجہ آصف

مذاکرات کی ٹیبل پر بیٹھ کر واپس گھر جائیں، خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کی حمایت اور فنانسنگ بند کریں

اگر یہ بلیک میلنگ کریں گے تو مستقبل میں بانی کیلئے کوئی ریلیف نظر نہیں آرہا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ دبا میں آکر پی ٹی آئی کو ریلیف نہیں دیں گے، اگر یہ بلیک میلنگ کریں گے تو مستقبل میں بانی کیلئے کوئی ریلیف نظر نہیں آرہا۔ پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ یہ پی ٹی آئی کی خوش فہمی ہے کہ لانگ مارچ کرکے حکومت کو بلیک میل کرسکے گی، مذاکرات کی ٹیبل پر بیٹھ کر واپس گھر جائیں، خیبر پختونخوا میں دہشت (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کا 8 اکتوبر 2005ء کے زلزلے کے شہداء کو خراج عقیدت

بڑے پیمانے پر آنے والی قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے صرف حادثے کے بعد امدادی کارروائیاں کافی نہیں

کوئٹہ (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے 8 اکتوبر 2005ء کے تباہ کن زلزلے کے نتیجے میں جاں بحق افراد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آٹھ اکتوبر کا زلزلہ قومی تاریخ میں ایک ایسا دردناک سانحہ ہے جس کے اثرات آج بھی متاثرہ خاندانوں اور علاقوں کی یادوں میں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس قدرتی آفت نے بڑے پیمانے پر انسانی نقصان کے ساتھ ساتھ بنیادی ڈھانچے کو بھی شدید متاثر کیا، تاہم پوری (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر مواصلات و تعمیر سلیم احمد کھوسہ سے صوبائی وزیر شعیب نوشیروانی، پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی، اراکین صوبائی اسمبلی زرک مندوخیل، یونس عزیز زہری، حاجی میر زاہد علی ریکی اور حاجی اصغر خان ترین ملاقات کر رہے ہیں

ایران کی جانب سے جوہری ہتھیاروں کا خطرہ اب ختم ہوچکا ہے، امریکی صدر

اگر ایران نے لاس اینجلس یا سان ڈیاگو جیسے کسی بڑے امریکی شہر کو نشانہ بنایا تو یہ انتہائی سنگین مسئلہ ہوگا، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ میں امریکا کو بہت زیادہ کامیابی مل رہی ہے جبکہ ایران کی جانب سے جوہری ہتھیاروں کا خطرہ اب ختم ہوچکا ہے۔ امریکی نیوز چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکا ایران کے خلاف جنگ میں نمایاں کامیابی حاصل کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی جانب سے جوہری ہتھیاروں کا خطرہ اب ختم ہوچکا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے خبردار کیا کہ اگر ایران نے لاس (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

روزنامہ بلوچستان آبزرور کوئٹہ
Daily BALOCHISTAN Observer Quetta

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

حکومت کا ایس ایم ای پورٹل خوش آئند ہے

وزیراعظم شہباز شریف نے ہاؤسنگ، زراعت اور ایس ایم ای شعبوں کو مالی وسائل کی فراہمی میں حائل رکاوٹیں دور کر کے قرضوں کے نظام کو مزید موثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو قرضوں کی فراہمی میں سہولت کیلئے ایس ایم ای پورٹل نومبر کے اختتام تک فعال کیا جائے۔نیشنل بینک آف پاکستان کی ہاؤسنگ فنانس کے شعبے میں قرضوں کی منظوری کی شرح 76 فیصد ہونا قابلِ تحسین ہے، نیشنل بینک کی کارکردگی بڑھانے کیلئے بہترین پروفیشنلز کی خدمات لی جائیں، مطلوبہ نتائج نہ دینے والے عملے کے خلاف سے بلاخوف محکمانہ کاروائی کی جائے۔ نیشنل بینک آف پاکستان کی ہاؤسنگ فنانس کے شعبے میں قرضوں کی منظوری کی شرح 76 فیصد ہونا قابلِ تحسین ہے، نیشنل بینک کی کارکردگی بڑھانے کیلئے بہترین پروفیشنلز کی خدمات لی جائیں اور مطلوبہ نتائج نہ دینے والے عملے کے خلاف سے بلاخوف محکمانہ کاروائی کی جائے، بینکوں کیلئے ہاسنگ فنانس کی فراہمی آسان بنانے کیلئے دیگر صوبے پنجاب کی طرز پر اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن تیز کریں، اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن سے بینکوں کیلئے ہاسنگ قرضوں کی فراہمی میں آسانی اور شفافیت آئے گی۔اجلاس میں ہاسنگ، زرعی شعبے اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو قرضوں کی فراہمی کے اعداد وشمار پیش کیے گئے۔ وزیراعظم اپنا گھر اسکیم کے تحت اب تک 426 ارب روپے مالیت کے 71 ہزار 690 قرضوں کی منظوری دی جا چکی ہے، اب تک 13,214 افراد کو 76 ارب روپے کے قرضے جاری کیے جا چکے ہیں، رواں سال 125,000 رہائشی یونٹس کیلئے 700 ارب روپے کے قرضوں کی فراہمی کا ہدف رکھا گیا ہے، زرعی شعبے کیلئے قرضوں کا مجموعی حجم 1,352 ارب روپے ہے، جس سے 34 لاکھ 55 ہزار افراد مستفید ہوئے، جون 2027 تک زرعی قرضوں کا حجم 1,500 ارب روپے اور مستفید ہونے والوں کی تعداد 45 لاکھ کا ہدف مقرر ہے۔ زرعی شعبے کی مالی وسائل تک رسائی بڑھا کر کسانوں کی پیداواری صلاحیت اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے گا، ایس ایم ای شعبے کے 3 لاکھ 50 ہزار کاروباری افراد کو 1,137 ارب روپے کے قرضے فراہم کیے جا چکے ہیں، جون 2027 تک ایس ایم ای شعبے کے قرضوں کا حجم 1,500 ارب روپے اور قرض حاصل کرنے والے کاروباری اداروں کی تعداد 5 لاکھ 65 ہزار کا ہدف مقرر ہے، ایس ایم ایز کو مالی وسائل تک آسان رسائی، جدید ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری اور عالمی منڈیوں میں مسابقت کے قابل بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں، ایس ایم ایز کیلئے نظرثانی شدہ ضوابط اور ہاسنگ فنانس کے طریقہ کار کو مزید آسان اور موثر بنانے کیلئے اقدامات لئے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں قرضوں کی فراہمی میں مشترکہ رسک شیئرنگ، سپلائی چین فنانسنگ کے فروغ، مستند ڈیٹا شیئرنگ اور دیگر جاری اقدامات پر بریفنگ دی گئی اور کہا گیا کہ چھوٹے قرضوں کے حصول کیلئے صارفین کو بینک برانچوں کے چکر لگانے سے نجات دلانے کیلئے ڈیجیٹل نظام کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ ہاؤسنگ، زراعت اور ایس ایم ای شعبوں کو مالی وسائل کی فراہمی میں حائل رکاوٹیں دور کر کے قرضوں کے نظام کو مزید موثر بنایا جائے، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو قرضوں کی فراہمی میں سہولت کیلئے ایس ایم ای پورٹل نومبر کے اختتام تک فعال کیا جائے، ایس ایم ای پورٹل کے ذریعے بینکوں کی جانب سے قرضوں کی فراہمی اور لیٹرز آف کریڈٹ سمیت کاروباری سہولیات کی تازہ ترین صورتحال کی براہِ راست نگرانی ممکن ہوگی

مذاکرات: کون جیتا، کون ہارا؟

سرفراز راجا

مسائل کا حل مذاکرات سے ہی نکلتا ہے اور مذاکرات سے ہی نکالا بھی جانا چاہیے۔ لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ مذاکرات کرنے والے بھی مذاکرات سے ہی حل نکالنا چاہ رہے ہوں۔ یعنی معاملہ نیتوں پر آ جاتا ہے۔ ہفتے کی شب پارلیمنٹ ہاؤس میں ایک طویل مذاکراتی میز سجی اور رات گئے ان مذاکرات کی ناکامی کا اعلان کر دیا گیا۔ لیکن ان مذاکرات کا پس منظر سمجھنا ضروری ہے۔

یہ مذاکرات تھے حکومت اور اپوزیشن کے درمیان یا دراصل حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان۔ بات کریں حکومت کی تو حکومتوں کی کوشش یہی ہوتی ہے کہ معاملات کو بات چیت سے حل کیا جائے اور کسی قسم کی خرابی پیدا نہ ہونے دی جائے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے قومی اسمبلی میں اپنی تقاریر میں کئی بار اپوزیشن کو مذاکرات کی پیشکش کی لیکن جو جواب سننے کو ملے وہ وہی تھے فارم سینتالیس، جعلی حکومت، ان کے پاس اختیار نہیں وغیرہ۔

اس سے کچھ پیچھے جائیں تو پی ٹی آئی جب اقتدار میں تھی تو انہیں اس وقت اپوزیشن مذاکرات کی پیشکش کرتی تو وہ اسے این آر او مانگنے سے تشبیہ دیتے تھے۔ بنیادی طور پر پی ٹی آئی کی تاریخ ایسی رہی ہے کہ وہ مذاکرات پر زیادہ یقین نہیں رکھتی۔ لیکن جب خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے خلاف آپریشن کی بات ہوتی ہے تو پھر وہ مذاکرات کی بات ضرور کرنے لگتے ہیں۔ ان کیساتھ مذاکرات کی بات کی جاتی ہے جو ملک کے آئین کو ہی نہیں مانتے۔ اور یہ عمران خان کا پرانا موقف رہا ہے کہ دہشت گردوں سے بات کی جا سکتی ہے، مخالف سیاسی جماعتوں کے ساتھ نہیں۔

اگست 2014 میں تحریک انصاف نے ڈی چوک پر دھرنا دیا، اس کے بعد تو ان کے جلسوں میں ڈی چوک کے علاوہ کوئی بات نہیں ہوتی۔ بات بات پر چلو چلو ڈی چوک چلو کے نعرے لگ جاتے ہیں۔ 2014 کے بعد بھی کئی بار تحریک انصاف ڈی چوک کی جانب مارچ کر چکی ہے۔ کبھی وہ یہاں پہنچے اور کبھی نہیں پہنچ پائے۔ اس بار ایک بار پھر 27 ستمبر لانگ مارچ کے حوالے سے کچھ اسی قسم کے اعلانات کیے گئے تھے۔ اسلام آباد کی جانب پہلے بیس اور پھر چالیس لاکھ لوگوں کیساتھ مارچ کا اعلان تو کر دیا گیا لیکن یہ تمام نعرے اور اعلانات غیر حقیقی دکھائی دے رہے تھے۔ یہاں تک کہ مطالبات کے حوالے سے بھی ابہام تھا۔ کوشش کے باوجود ماحول نہیں بن رہا تھا تو پارٹی قیادت میں شامل مفاہمت پسند رہنماؤں کو معاملات بات چیت کی جانب لے جانے کا موقع ملا، حکومت نے بھی مثبت جواب دیا اور مذاکرات کی میز سج گئی۔ مذاکرات کی کامیابی کے حوالے سے مثبت اشارے مل رہے تھے کہ اچانک رات گئے مذاکرات کی ناکامی کا اعلان کر دیا گیا۔

تحریک انصاف کے بارے میں حکومتی موقف اور رائے عامہ بھی یہی ہے کہ ان کیساتھ مذاکرات کیے جائیں تو کس کیساتھ کیوں کہ یہاں الگ الگ گروپ ہیں اور یہ بات ان مذاکرات کی ناکامی نے درست ثابت کر دی۔

دراصل تحریک انصاف کے موجودہ بند گلی تک پہنچنے کی بڑی وجہ اس کا سوشل میڈیا ہے جو کبھی اس جماعت کی طاقت تھا اب کمزوری بن چکا ہے۔ پارٹی کے بڑے بڑے رہنما اس خوف میں مبتلا رہتے ہیں کہ کہیں ان سے کوئی ایسی بات نہ ہو جائے کہ وہ اپنے ہی سوشل میڈیا کے نرغے میں آ جائیں۔ مذاکرات میں فریقین کو اپنے موقف سے ایک ایک قدم پیچھے ہٹنا پڑتا ہے۔ اب یہاں کون حکومت کی شرائط کو تسلیم کر کے خود کو سوشل میڈیا ٹرولز کے نرغے میں لانا چاہے گا؟

سوال یہ بھی تھا کہ اگر معاہدہ ہو بھی جاتا تو کیا گارنٹی تھی کہ پارٹی کی باقی قیادت اس پر عمل کرتی۔ اور کیا اگر مذاکرات کے نتیجے میں پارٹی قیادت کو عمران خان سے ملنے کا موقع ملتا تو وہ ان مذاکرات کے نتیجے میں سامنے آنے والے معاہدے کو تسلیم کرتے۔ اس تمام اگر مگر کے باوجود ان مذاکرات کو ناکام کر کے تحریک انصاف نے حکومتی موقف کو جان دی ہے اور صوبے کے مستقبل کے حوالے سے ممکنہ اقدامات کا جواز بھی فراہم کر دیا ہے۔

ظاہر ہے مذاکرات کی میز پر کوئی فریق فاتح یا مفتوح نہیں ہوتا، دونوں کو کچھ نہ کچھ دینا پڑتا ہے اور کچھ نہ کچھ لینا پڑتا ہے۔ لیکن جب مذاکرات بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوں تو نقصان دونوں کا ہوتا ہے۔

لیکن اس مخصوص صورت حال میں اگر گہرائی سے دیکھا جائے تو ایک واضح فرق نظر آتا ہے۔ حکومت نے مذاکرات کی میز پر بیٹھ کر اپنا جمہوری چہرہ پیش کیا، اپوزیشن کو بات چیت کا راستہ دکھایا اور جب وہ ناکام ہوئے تو عوام کے سامنے یہ ثابت کر دیا کہ "ہم نے تو کوشش کی تھی، مسئلہ ان کی نیت کا تھا۔" یہ سیاسی طور پر حکومت کے لیے ایک فائدے کا سودا ہے۔

دوسری طرف پی ٹی آئی نے مذاکرات میں بیٹھ کر اپنے اندرونی تضادات کو بے نقاب کر دیا۔ پارٹی کے اندر مفاہمت پسند اور سخت گیر دھڑوں کا فرق سب کے سامنے آ گیا۔ سوشل میڈیا کی ٹرول فیکٹری نے اپنی ہی قیادت کو نشانہ بنایا اور یوں پارٹی کی ساکھ کو اندر سے نقصان پہنچا۔

درحقیقت حکومت نے سیاسی طور پر فائدہ اٹھایا، اپوزیشن کے اندرونی اختلافات کو نمایاں کیا اور مستقبل کے لیے جواز بنا لیا۔ پی ٹی آئی نے مذاکرات کو ناکام بنا کر اس حکومتی موقف پر مہر تصدیق ثبت کر دی کہ وہ صرف مذاکرات کی بات کرتی ہے، مذاکرات کرنا نہیں چاہتی۔ اور سب سے بڑا نقصان ایک بار پھر عوام کا ہوا، جنہیں سیاسی عدم استحکام اور بڑھتی ہوئی غیر یقینی کے سوا کچھ نہ ملا۔

☆☆☆☆

وزیراعظم کا برآمدات کی بنیاد پر معاشی ترقی کا ویژن

اسداللہ غالب

دنیا کی کوئی بھی معیشت اس وقت تک مضبوط نہیں ہوسکتی جب تک اس کی برآمدات مستحکم نہ ہوں، اور برآمدات اس وقت تک نہیں بڑھتیں جب تک چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری افراد کو آگے بڑھنے کا حوصلہ اور تحفظ نہ ملے۔ پاکستان میں لاکھوں چھوٹے کارخانہ دار، دستکار، ٹیکسٹائل یونٹ مالکان اور نوجوان کاروباری افراد ایسے ہیں جن کے پاس ہنر بھی ہے، معیاری مصنوعات بھی ہیں اور عالمی منڈی میں جگہ بنانے کی خواہش بھی۔ مگر ان کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ سرمائے یا ہنر کی کمی نہیں بلکہ ایک خاموش خوف ہے، اور وہ خوف ہے بیرونِ ملک خریدار کی طرف سے ادائیگی نہ ہونے کا۔ ایک چھوٹا برآمد کنندہ جب مال بھیجتا ہے تو اس کی پوری جمع پونجی داؤ پر لگی ہوتی ہے۔ خریدار دیوالیہ ہو جائے، ادائیگی میں تاخیر کرے، یا اس کے ملک میں سیاسی حالات بگڑ جائیں اور رقم کی منتقلی رک جائے، تو برسوں کی محنت لمحوں میں ڈوب سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارے بیشتر چھوٹے برآمد کنندگان یا تو بڑے آرڈر لینے سے گھبراتے ہیں، یا انہی چند جانے پہچانے خریداروں اور منڈیوں تک محدود رہتے ہیں۔ اس پس منظر میں حکومتِ پاکستان کی جانب سے متعارف کرائی جانے والی ایکسپورٹ کریڈٹ انشورنس اسکیم ایک ایسا قدم ہے جو اس دیرینہ مسئلے کو براہِ راست مخاطب کرتا ہے اور جس کی تعریف نہ کرنا زیادتی ہوگی۔

اس اسکیم کی بنیاد ایکسپورٹ امپورٹ بینک آف پاکستان یعنی پاک ایگزم اور ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کے درمیان ہونے والا ایک ماسٹر فریم ورک معاہدہ ہے، جس کے تحت چھوٹے اور درمیانے برآمد کنندگان کے لیے ایک مشترکہ رسک شیئرنگ پول قائم کیا گیا ہے۔ اس نظام میں ذمہ داریاں واضح طور پر تقسیم کی گئی ہیں۔ پاک ایگزم سرمایہ فراہم کرنے کے ساتھ پول کا انتظام سنبھالے گا، انڈر رائٹنگ کرے گا اور پالیسیاں جاری کرے گا، جبکہ ای ڈی ایف بھی سرمائے کا حصہ ڈالے گا۔ شریک بینک اور مالیاتی ادارے متبادل ذریعے کے طور پر پالیسی جاری کر سکیں گے، یعنی برآمد کنندہ چاہے تو براہِ راست پاک ایگزم سے رجوع کرے یا اپنے بینک کے ذریعے۔ اسکیم کے تحت دو مصنوعات پیش کی جائیں گی۔ پہلی کمپری ہینسو شارٹ ٹرم پالیسی ہے جو اہل برآمد کنندگان کو براہِ راست جاری ہوگی، اور دوسری بینک ماسٹر پالیسی ہے جو بینکوں کو ان کے مالی معاونت پانے والے برآمد کنندگان کے بیرونی خریداروں کی عدم ادائیگی کے خلاف تحفظ دے گی۔ طریقہ کار بھی سادہ رکھا گیا ہے: برآمد کنندہ درخواست دیتا ہے، پاک ایگزم اس کی اور اس کے خریداروں کی جانچ کرتا ہے، پالیسی جاری ہوتی ہے، برآمد کنندہ اعتماد کے ساتھ مال بھیجتا ہے

☆☆☆☆

جب مظلوم کے آنسو ایف آئی آر بن جائیں

قارئین کرام، کسی کے ساتھ برا کرنے سے پہلے ہزار بار سوچ لینا چاہیے، کیونکہ دنیا کی عدالت میں انسان شاید اپنی صفائی پیش کر لے، گواہ خرید لے، الفاظ بدل دے، کہانی کا رخ موڑ دے، حقیقت پر پردہ ڈال دے، مگر رب کی عدالت میں نہ گواہ جھوٹ بولتے ہیں، نہ فائلیں گم ہوتی ہیں، نہ سفارش چلتی ہے، نہ دلیل سازی کام آتی ہے۔ کچھ جرائم کی ایف آئی آر تھانے میں نہیں، رب کی بارگاہ میں درج ہوتی ہے، اور وہاں قانون عجیب بھی ہے اور اٹل بھی؛ مظلوم خاموش ہو جائے تو بھی مقدمہ ختم نہیں ہوتا، جس کی زبان بند کر دی گئی ہو اس کی آہ بند نہیں ہوتی، جس کے آنسو کسی نے چھپ کر گرتے دیکھے ہوں انہیں آسمان دیکھ رہا ہوتا ہے۔ ہم دنیا میں کتنے عجیب لوگ ہیں! چہرے پر مسکراہٹ، ہاتھ میں تسبیح، زبان پر دین کی بات، مگر کسی کی عزت کے پیچھے خنجر لیے پھرتے ہیں۔ سامنے محبت، پیچھے سازش؛ سامنے خیرخواہی، پیچھے کردار کشی؛ سامنے دعائیں، پیچھے کسی کی جڑیں کاٹنے کی پوری منصوبہ بندی۔ یہ منافقت کا وہ لباس ہے جس پر باہر سے استری بہت اچھی ہوتی ہے، مگر اندر سے کپڑا اسڑا ہوا ہوتا ہے۔ کچھ لوگ کسی انسان کو گرانے کے لیے اس کی ٹانگ نہیں کھینچتے، اس کی جڑ کاٹتے ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ فلاں شخص محنت سے کھڑا ہوا ہے، لہٰذا اسے شکست دینے کے لیے اس کی محنت پر سوال اٹھاؤ، اس کی نیت پر شک کرو، اس کے کردار پر انگلی اٹھاؤ، اس کے ماضی کا کوئی ٹکڑا نکالو، اس کے دوستوں کو اس کے خلاف کرو، اور پھر بڑے اطمینان سے کہو: ''ہم تو اس کی بھلائی چاہتے ہیں۔'' کبھی کبھی یہ جملہ اتنا خطرناک ہوتا ہے کہ اس کے پیچھے چھپا زہر ایک انسان کی پوری زندگی برباد کر دیتا ہے۔

مگر مسئلہ یہ ہے کہ انسان سمجھتا ہے کہ اس نے کسی شخص کو نقصان پہنچایا ہے؛ نہیں، کبھی کبھی وہ دراصل اپنے لیے ایسی فائل تیار کر رہا ہوتا ہے جو قیامت کے دن خود اس کے سامنے کھولی جائے گی۔ قرآن ہمیں خبردار کرتا ہے۔ بے شک آپ کا رب گھات میں ہے۔ یہ آیت صرف کمزوروں کے لیے تسلی نہیں، طاقتوروں کے لیے انتباہ بھی ہے۔ تم سمجھتے ہو کوئی دیکھ نہیں رہا؟ رب دیکھ رہا ہے۔ تم سمجھتے ہو جس شخص کو تم نے رلایا وہ تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتا؟ ممکن ہے وہ واقعی تمہارا کچھ نہ بگاڑے، مگر اس کا رب سب کچھ دیکھ رہا ہے۔ تم نے کسی کی عزت چھینی، کسی کی روزی کے راستے میں رکاوٹ ڈالی، کسی کے حق کو دبایا، کسی کی محنت کا کریڈٹ چھین لیا، کسی کے بارے میں جھوٹ پھیلایا، کسی کو تنہا کیا، کسی کے خلاف لوگوں کے دل خراب کیے اور پھر رات کو سکون سے سو گئے؛ یاد رکھو، تمہاری نیند اس بات کی دلیل نہیں کہ مظلوم کی فریاد آسمان تک نہیں پہنچی۔ دنیا میں سب سے خطرناک چیز کبھی کبھی تلوار نہیں ہوتی، ایک جھوٹا جملہ ہوتا ہے۔ تلوار کا زخم دکھائی دیتا ہے، مگر جھوٹ کا زخم برسوں چھپا رہتا ہے۔ کسی کا گھر ٹوٹ جائے، کسی کی نوکری چلی جائے، کسی کا رشتہ ختم ہو جائے، کسی کی عزت خاک میں مل جائے، کسی کی محنت ضائع ہو جائے، اور یہ سب کسی ایک جھوٹ، ایک سازش یا ایک منافقانہ مسکراہٹ کے نتیجے میں ہوسکتا ہے۔ پھر وہی شخص مجلس میں بیٹھ کر اخلاقیات پر لیکچر دیتا ہے۔ کیا خوب زمانہ ہے! قاتل بھی جنازے میں سب سے آگے کھڑا ہو جاتا ہے، اگر اسے یقین ہو کہ کسی کو اس کے ہاتھ کا خون نظر نہیں آ رہا، لیکن رب کو خون بھی نظر آتا ہے اور ہاتھ بھی۔ رب کو صرف یہ معلوم نہیں کہ تم نے کیا کیا؛ وہ یہ بھی جانتا ہے کہ کیوں کیا۔ یہی تو اصل خوف ہے۔ دنیا کے سامنے تمہاری کہانی کچھ اور ہو سکتی ہے، مگر اللہ کے سامنے تمہاری نیت بھی کھلی ہوئی ہے۔ اس لیے کسی انسان کو نقصان پہنچانے سے پہلے ذرا رک جاؤ اور اپنے دل سے پوچھو: اگر یہی کام میرے ساتھ ہو جائے تو؟ اگر میری عزت اسی طرح اچھالی جائے تو؟ اگر میری روزی اسی طرح روکی جائے تو؟ اگر میری اولاد کے سامنے میرے کردار پر انگلی اٹھائی جائے تو؟ اگر میرے خلاف وہی جھوٹ بولا جائے جو میں آج کسی دوسرے کے خلاف بول رہا ہوں تو؟ شاید دل کانپ جائے۔ اور اگر دل پھر بھی نہ کانپے تو قرآن کی یہ تنبیہ سنو: مہلت مل جانا کامیابی نہیں؛ کبھی اللہ تعالیٰ ڈھیل دیتا ہے، کیونکہ حساب مؤخر ہوتا ہے، ختم نہیں۔ اسی لیے کسی کی جڑ کاٹتے ہوئے یہ نہ سمجھو کہ تم نے صرف ایک درخت گرایا ہے؛ ہوسکتا ہے تم نے اپنے لیے ایسی بددعا خرید لی ہو جس کے الفاظ مظلوم نے زبان سے نہ کہے ہوں، مگر اس کے آنسوؤں نے آسمان تک پہنچا دیے ہوں۔ مظلوم کی خاموشی کو اپنی فتح سمجھنے والے اکثر یہ بھول جاتے ہیں کہ خاموش انسان کا رب خاموش نہیں۔ اس لیے اگر کسی سے اختلاف ہے تو دلیل سے کرو، شکایت ہے تو سامنے کرو، غلطی ہے تو اصلاح کرو، مگر کسی کی عزت کو اپنی سیڑھی نہ بناؤ، کسی کی کمزوری کو اپنا ہتھیار نہ بناؤ، کسی کی غیر موجودگی کو اس کے خلاف عدالت نہ بناؤ اور کسی کے اعتماد کو اپنی سازش کا راستہ نہ بناؤ۔ کیونکہ دنیا کی عدالت میں مقدمہ جیت کر بھی انسان اللہ کی عدالت میں ہار سکتا ہے، اور وہاں نہ وکیل کام آئے گا، نہ تعلق، نہ منصب، نہ چالاکی، نہ وہ مصنوعی مسکراہٹ جس کے پیچھے برسوں سے زہر چھپایا گیا تھا۔ وہاں صرف یہ دیکھا جائے گا کہ تم نے اللہ کے بندوں کے ساتھ کیا کیا؟ تب شاید انسان اپنے ہاتھ دیکھے گا؛ دنیا میں جن پر کوئی نشان نہ تھا، مگر آخرت میں انہی ہاتھوں کے اعمال ایک کھلی کتاب کی صورت میں اس کے سامنے ہوں گے۔ اس لیے کسی کے ساتھ برا کرنے سے پہلے ہزار بار سوچ لینا۔ ہوسکتا ہے جسے تم کمزور سمجھ رہے ہو وہ تمہارے خلاف کچھ نہ کرے، شاید وہ تمہیں معاف بھی کر دے، مگر اگر اس کا حق تمہارے ذمے رہ گیا تو معاملہ صرف اس شخص اور تمہارے درمیان نہیں رہے گا؛ وہ رب کے دربار تک پہنچ جائے گا۔ وہاں نہ فائل پھٹے گی، نہ ثبوت جلیں گے، نہ حقیقت دفن ہوگی۔ وہاں ہر آنسو گواہ ہوگا، ہر ظلم ثبوت ہوگا، ہر نیت محفوظ ہوگی۔ اس لیے لوگوں کے دل نہ توڑو، حقوق نہ دباؤ، کسی کی عزت سے نہ کھیلو، کسی کی روزی نہ چھینو اور کسی کے خلاف جھوٹ نہ بولو۔ دنیا میں شاید تمہاری چال کامیاب ہو جائے، شاید لوگ تمہاری بات مان لیں، شاید تم تالیاں بھی سمیٹ لو، مگر رب کی عدالت میں ہر پردہ اٹھے گا۔ وہاں وہ آنسو بھی بولیں گے جنہیں دنیا نے بے آواز سمجھا تھا، وہ دل بھی گواہی دیں گے جنہیں تم نے توڑ کر چھوڑ دیا تھا، اور وہ خاموشیاں بھی چیخ اٹھیں گی جنہیں تم اپنی فتح سمجھتے رہے۔ یاد رکھو، رب کی عدالت میں ایف آئی آر بھی رب کے علم میں لکھی جاتی ہے، گواہ بھی اسی کے سامنے حاضر ہوتے ہیں اور فیصلہ بھی اسی کے ہاتھ میں ہے۔ اس لیے کسی کی جڑ کاٹنے سے پہلے اپنے انجام کی جڑ ضرور دیکھ لینا، کیونکہ انسان دوسروں کے لیے گڑھا کھودتے کھودتے اکثر یہ بھول جاتا ہے کہ زمین سب کے قدموں کے نیچے ایک جیسی ہے؛ آج تم کسی کو گرا رہے ہو، کل تمہیں بھی اسی زمین پر کھڑا ہونا ہے، مگر فرق صرف اتنا ہوگا کہ دنیا میں تمہاری زبان بول رہی ہوگی اور وہاں تمہارے اعمال بولیں گے۔ وہاں شاید تمہارے پاس صفائی کے لیے الفاظ بہت ہوں، مگر مظلوم کے آنسو تم سے پہلے گواہی دے چکے ہوں گے۔ اور پھر وہ لمحہ آئے گا جب انسان کو سمجھ آئے گی کہ اس نے دنیا میں جسے معمولی سمجھ کر رلایا تھا، وہ دراصل اپنے رب کے حضور اس کے خلاف ایک ایسی فائل چھوڑ گیا تھا جس کا ہر صفحہ محفوظ تھا۔ اس لیے ظلم سے پہلے رک جاؤ، سازش سے پہلے رک جاؤ، جھوٹ سے پہلے رک جاؤ، کسی کا دل توڑنے سے پہلے رک جاؤ؛ کیونکہ کبھی کبھی ایک آنسو آسمان تک جانے کے لیے پوری زبان کا محتاج نہیں ہوتا۔ رب دیکھ رہا ہے، رب سن رہا ہے، رب جانتا ہے، اور رب کی عدالت میں کوئی مقدمہ بے خبر نہیں رہتا۔

قرآن مجید کو محبت سے پڑھیں

رب کائنات نے آدم کی تخلیق کے بعد انسان کو جہالت کی تاریکیوں سے نکالنے اور ہدایت و راہنمائی سے سرفراز کرنے کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار کے لگ بھگ انبیاء کرامؑ کو مبعوث فرمایا اور ان انبیاء کرامؑ کو مختلف کتابیں اور صحیفے بھی عطا فرمائے، حضرت داؤدؑ کو زبور، حضرت موسیٰؑ کو تورات اور حضرت عیسیٰؑ کو انجیل عطا فرمائی، ہمارے پیارے نبی حضرت محمدؐ کو اللہ تعالیٰ نے خاتم الانبیاء بنا کر بھیجا اور آپؐ کو جو کتاب عطا فرمائی وہ قرآن مجید ہے جو ''خاتم الکتب'' ہے اور اس کے بعد قیامت تک کسی اور آسمانی کتاب کی ضرورت نہیں رہی، اس کی تجلیات سے دنیا و آخرت دونوں جگمگا رہے ہیں، بلاشبہ یہ کتاب ہر قسم کے شک و شبہ سے بالاتر ہے، آخری آسمانی کتاب قرآن پاک میں پہلے بھیجے گئے انبیاء کرامؑ کے حوالے سے بہت سے حالات و واقعات بیان کئے ہیں جن میں سے کئی ایک

کا ذکر پہلی کتابوں میں سرے سے موجود نہیں تھا جبکہ چند انبیاء کرامؑ کا ذکر پہلی کتب میں تھا لیکن متبدل اور تحریف شدہ تھا، قرآن مجید نے ان احوال و واقعات اور انبیاء کرامؑ کی تعلیمات و خدمات کو سند تصدیق عطا فرمائی، یہ کتاب قیامت تک آنے والے احوال بھی منکشف کرتی ہے اور زنگ آلود دلوں کے روگ مٹا دیتی ہے، قرآن کریم میں خالق کائنات خود اس حوالہ سے ارشاد فرماتا ہے، ''اس کتاب (کے اللہ کی کتاب ہونے) میں کوئی شک نہیں، پرہیزگاروں کو راہ دکھانے والی ہے'' سورۃ البقرہ، آیت 2، اس کا ایک سیدھا سادھا مطلب تو یہ ہے کہ ''بیشک یہ اللہ کی کتاب ہے'' مگر ایک مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہ ایسی کتاب ہے جس میں شک کی کوئی بات نہیں ہے، کہ یہ ایسی کتاب ہے جو سراسر علمِ حقیقت پر مبنی ہے، اس کا مصنف وہ ہے جو تمام حقیقتوں کا علم رکھتا ہے، اس لیے فی الواقع اس میں شک کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ قران پاک میں ایک اور جگہ آتا ہے کہ ''عام لوگوں کے لئے تو یہ (قرآن) بیان ہے اور پرہیزگاروں کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے'' سورۃ آل عمران، آیت 138، یعنی ایسے واقعات عام لوگوں کے لیے محض ایک تاریخی بیان کی حیثیت رکھتے ہیں، جن لوگوں کے دلوں میں اللہ کا ڈر نہیں ہوتا وہ یہی کہنے پر اکتفا کر لیتے ہیں کہ مختلف تہذیبیں بنتی اور مٹتی آئی ہیں، اور اللہ سے ڈرنے والے لوگ جب بھی کسی قوم کے عروج و زوال پر نظر ڈالتے ہیں تو اسی نظریہ کے مطابق ڈالتے ہیں اور ایسے واقعات سے عبرت بھی حاصل کرتے ہیں اور ہدایت بھی، قرآن کریم میں ایک اور جگہ آتا ہے کہ ''اور ہم نے ان لوگوں کے پاس ایک ایسی کتاب پہنچا دی جس کو ہم نے اپنے علم کامل سے بہت واضح کر کے بیان کر دیا، وہ ذریعہ ہدایت اور رحمت ان لوگوں کے لئے ہے جو ایمان لائے ہیں'' سورۃ الاعراف، آیت 52، یعنی ہم نے اپنے علم کی بنا پر یہ بتلا دیا ہے کہ نیکوکاروں کا انجام ایسا ہوگا اور بدکاروں کا ایسا، روزِ آخرت بھی یقینی ہے اور ہر عمل کی جزا و سزا بھی مل کے رہے گی، بدکاروں پر اس دنیا میں بھی عذاب آتا ہے اور آخرت میں تو عذاب یقینی ہے، مگر اس کتاب سے فائدہ صرف وہی لوگ اٹھاتے ہیں جو اس پر ایمان لاتے ہیں، ایمان لاتے ہی ان کی زندگی میں خوشگوار تبدیلی شروع ہو جاتی ہے، ان کے اخلاق سنور جاتے ہیں وہ دوسروں کو فائدہ پہنچانے اور ان کی بھلائی کی باتیں سوچنے لگتے ہیں، ان کی زندگی انتہائی ذمہ دارانہ زندگی بن جاتی ہے پھر ان کی آخرت بھی سنور جاتی ہے اس طرح یہ کتاب ان کی دنیوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی ہدایت اور رحمت ثابت ہوتی ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ قرآن پاک پڑھنے اور سننے کے بے پناہ فضائل، برکات و ثمرات ہیں، اس حوالہ سے قرآن پاک میں آتا ہے، ''اور جب قرآن پڑھا جایا کرے تو اس کی طرف کان لگا دیا کرو اور خاموش رہا کرو امید ہے کہ تم پر رحمت ہو'' سورۃ الاعراف، آیت 204، مزید یہ کہ ''یقیناً ہم نے اس قرآن کو عربی زبان میں نازل فرمایا ہے کہ تم سمجھ سکو'' سورۃ یوسف، آیت 2، اسی طرح ایک اور جگہ اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے۔ ''دلیلوں اور کتابوں کے ساتھ، یہ ذکر (کتاب) ہم نے آپ کی طرف اتارا ہے کہ لوگوں کی جانب جو نازل فرمایا گیا ہے آپ اسے کھول کھول کر بیان کر دیں، شاید کہ وہ غور و فکر کریں'' سورۃ النحل، آیت 44، قرآن پاک دنیا کے آخری انسان کے لئے بھی مشعل راہ ہے اس حوالہ سے خالق کائنات نے فرمایا ہے، ''یقیناً یہ قرآن وہ راستہ دکھاتا ہے جو بہت ہی سیدھا ہے اور ایمان والوں کو جو نیک اعمال کرتے ہیں اس بات کی خوشخبری دیتا ہے کہ ان کے لئے بہت بڑا اجر ہے'' سورۃ الاسراء، آیت 9، قرآن پاک میں ایک اور جگہ آتا ہے کہ'' یہ بابرکت کتاب ہے جسے ہم نے آپؐ کی طرف اس لئے نازل فرمایا ہے کہ لوگ اس کی آیتوں پر غور و فکر کریں اور عقلمند اس سے نصیحت حاصل کریں'' سورۃ ص، آیت 29، قرآن پاک کے ذریعہ رشد و ہدایت ہونے بارے کوئی شک و شبہ باقی نہیں مگر ضرورت اس امر کی ہے کہ قرآن پاک کو اس کی اصل روح کے مطابق سمجھا جائے۔

بنی نوح انسان کی ہدایت و راہنمائی کے لئے اللہ پاک خود قرآن پڑھنے کا حکم دیتا ہے'' نماز کو قائم کریں آفتاب کے ڈھلنے سے لے کر رات کی تاریکی تک، اور فجر کا قرآن پڑھنا بھی یقیناً فجر کے وقت کا قرآن پڑھنا حاضر کیا گیا'' سورۃ الاسراء، آیت 78، پھر قرآن پڑھنے کے بعد اس پر غور کرنے بارے حکم ہوتا ہے'' کیا یہ قرآن میں غور و فکر نہیں کرتے؟ یا ان کے دلوں پر ان کے تالے لگ گئے ہیں'' سورۃ محمد، آیت 24، اسی طرح یہ بھی آتا ہے کہ قرآن پاک مشکل نہیں بہت آسان ہے سمجھنے والے کے لئے اور نصیحت حاصل کرنے والے کے لئے ''اور بیشک ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لئے آسان کر دیا ہے، پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے'' سورۃ القمر، آیت 17، قرآن پاک پڑھنے کے حوالہ سے ایک حدیث مبارکہ میں آتا ہے کہ'' حضرت عائشہؓ روایت کرتی ہیں آپؐ نے فرمایا کہ اس شخص کی مثال جو قرآن پڑھتا ہے اور وہ حافظ ہے تو سفرہ کرام (بزرگ فرشتوں) کے ساتھ ہوگا اور اس شخص کی مثال جو قرآن پڑھتا ہے اور وہ اس کو حفظ کرتا ہے اور حفظ کرنا اس پر دشوار ہوتا ہے تو اس کے لئے دو اجر ہیں'' صحیح بخاری، جلد دوم، حدیث 2154،

قرآن کریم فرقان حمید پڑھنے کے بارے میں ایک اور حدیث شریف میں آتا ہے کہ'' حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا کہ حسد (رشک) صرف دو شخصوں پر (جائز) ہے، ایک اس شخص پر جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن دیا ہے اور وہ اسے دن رات پڑھتا ہے اور اس کا پڑوسی اسے سن کر کہتا ہے کہ کاش مجھے بھی اس کی طرح پڑھنا نصیب ہوتا تو میں بھی اسی طرح عمل کرتا، دوسرے اس شخص پر جسے اللہ تعالیٰ نے دولت دی ہو اور وہ اسے راہ حق میں خرچ کرتا ہے، پھر کوئی اس پر رشک کرتے ہوئے کہے کہ کاش مجھے بھی یہ مال میسر آتا تو میں بھی اسے اسی طرح صرف کرتا'' صحیح بخاری، جلد سوم، حدیث 18، اسی طرح ایک اور حدیث مبارکہ میں آتا ہے کہ'' حضرت عثمان بن عفانؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے ارشاد فرمایا کہ تم میں وہ شخص سب سے بہتر ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے'' صحیح بخاری، جلد سوم، حدیث 20، قرآن پاک پڑھنے اور سمجھنے کے بھی درجات ہیں اس حدیث میں اس حوالہ سے بڑی وضاحت کے ساتھ بیان فرمایا گیا ہے'' ابوموسیٰؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے فرمایا جو مومن قرآن پڑھتا ہے اور اس پر عمل کرتا ہے وہ مثل سنگترے کے ہے، جس کا مزہ اچھا ہے اور بو بھی اچھی ہے اور جو مسلمان قرآن نہیں پڑھتا اور عمل کرتا ہے تو وہ کھجور کی طرح ہے کہ اس کا مزہ تو اچھا ہے، مگر بو کچھ نہیں اور اس منافق کی مثال جو قرآن پڑھتا ہے خوشبودار پھول کی طرح ہے کہ اس کی بو تو اچھی ہے، مگر مزہ کڑوا ہے، اور اس منافق کی مثال جو قرآن نہیں پڑھتا اندرائن کے پھل کی سی ہے، جس کا مزہ بھی برا ہے اور بو بھی خراب'' صحیح بخاری، جلد سوم، حدیث 53، قرآن پاک پڑھنے کے حوالہ سے قرآن و حدیث میں اور بھی متعدد مقامات پر حکم اور اس کی فضیلت کا بیان ہے، مگر موجودہ معاشرہ میں کچھ آوازیں سنائی دیتی ہیں کہ قرآن کو پہلے سمجھنا چاہئے اور پھر پڑھنا چاہئے اور سمجھنے سے پہلے قرآن کا پڑھنا غلط کہا جاتا ہے جو کہ درست نہ ہیں، بلاشبہ قرآن پاک کو سمجھ کر پڑھنے کی بہت اہمیت و فضیلت ہے مگر اس حوالہ سے نہ سمجھنے والوں پر نہ پڑھنے کی پابندی لگانا درست نہیں کیوں کہ قرآن پاک پڑھنا بذات خود ایک باعث رحمت و برکت عمل ہے۔

قرآن مجید فرقان حمید اہل ایمان کیلئے مژدہ رحمت بھی ہے اس کی تلاوت سے گمراہوں کو ہدایت اور بیماروں کو شفا میسر آتی ہے، ''حضرت ابوامامہ باہلیؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہؐ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ قرآن مجید پڑھا کرو کیونکہ یہ قیامت کے دن اپنے پڑھنے والوں کے لئے سفارشی بن کر آئے گا اور دو روشن سورتوں کو پڑھا کرو سورت البقرہ اور سورت آل عمران کیونکہ یہ قیامت کے دن اس طرح آئیں گی جیسے کہ دو بادل ہوں یا دو سائبان ہوں یا دو اڑتے ہوئے پرندوں کی قطاریں ہوں اور وہ اپنے پڑھنے والوں کے بارے میں جھگڑا کریں گی، سورت البقرہ پڑھا کرو کیونکہ اس کا پڑھنا باعث برکت ہے اور اس کا چھوڑنا باعث حسرت ہے اور جادوگر اس کو حاصل کرنے کی طاقت نہیں رکھتے'' صحیح مسلم، جلد اول، حدیث 1868، حضور نبی کریمؐ جب کوئی لشکر بھیجتے تھے تو لوگوں سے قرآن پاک سنتے تھے، چنانچہ حضرت ابوہریرہؓ فرماتے ہیں کہ حضورؐ نے خاصی تعداد میں ایک لشکر بھیجنا چاہا تو ان سے قرآن مجید پڑھوایا، ہر فرد کو جتنا قرآن مجید آتا تھا اس سے پڑھوایا (اس دوران) ایک نوعمر صحابیؓ کے پاس آئے اور اس سے پوچھا، تمہیں کتنا قرآن مجید یاد ہے، اس

نے کہا مجھے اتنا اور سورۃ البقرہ یاد ہے، آپؐ نے فرمایا کہ کیا تمہیں سورۃ البقرہ بھی یاد ہے؟ اس نے عرض کیا ہاں، آپؐ نے فرمایا'' جاؤ تم ان سب کے امیر ہو'' احادیث مبارکہ میں قرآن مجید سیکھنے اور سکھانے کی بڑی فضیلت بیان کی گئی ہے، صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ حضورؐ نے فرمایا'' جب بھی کچھ لوگ اللہ تعالیٰ کے گھروں میں سے کسی گھر (مسجد) میں اکٹھے ہو کر دوسروں کو پڑھاتے ہیں انہیں اللہ تعالیٰ کی رحمت اپنی آغوش میں لے لیتی ہے اور فرشتے ان پر سایہ فگن ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کا تذکرہ اپنے پاس موجود مخلوق میں کرتا ہے'' قیامت کے دن بھی قرآن پڑھنے والے کو اعلیٰ مقام میسر ہوگا، اس کی عزت و تکریم کا منظر خود تاجدار کائناتؐ نے یوں فرمایا'' حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرمؐ نے فرمایا قیامت کے دن صاحب قرآن آئے گا، تو قرآن اپنے رب سے عرض کرے گا، یااللہ اسے جوڑا پہنا پھر اسے عزت کا تاج پہنایا جائے گا، وہ (قرآن) عرض کرے گا یااللہ! اسے مزید پہنا، چنانچہ پھر اسے عزت کا جوڑا پہنایا جائے گا، پھر وہ عرض کرے گا یااللہ! اس سے راضی ہو جا تو اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو جائے گا، پھر اس سے کہا جائے گا کہ پڑھتا جا اور سیڑھیاں (درجات) چڑھتا جا اور ہر آیت کے بدلے ایک نیکی زیادہ کی جائے گی'' جامع ترمذی، جلد دوم، حدیث 838، قرآن مجید سیکھنے اور سکھانے کو نفلی عبادات سے بھی افضل قرار دیا گیا ہے، ابن ماجہ میں حدیث مبارکہ ہے، حضرت ابوذرؓ روایت کرتے ہیں کہ حضورؐ نے فرمایا'' اے ابوذر! اگر تو جا کر اللہ کی کتاب کی ایک آیت کسی کو سکھائے تو یہ تیرے لئے سو رکعت پڑھنے سے بہتر ہے'' (ابو داؤد، السنن، ۹۷، رقم: ۹۱۲) قارئین کرام! آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم قرآن مجید کو محبت سے پڑھیں، اگر پڑھنا نہیں آتا تو پڑھنا سیکھیں جس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ قرآن پاک کا ترجمہ پڑھیں اور اسے سمجھ کر اس کے مطابق عمل کریں تا کہ دنیا و آخرت کی کامیابی حاصل ہو سکے۔

بلوچستان آبزرور
جمعہ 9 اکتوبر 2026ء

بقیہ 1

سے متعلق آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ 6 جولائی 2026 کو انہوں نے شام کے وقت چیف سیکرٹری حکومت بلوچستان اور وزیراعلیٰ بلوچستان کو مانگی کے علاقے میں دہشت گردوں کی موجودگی اور پولیس اہلکاروں کو یرغمال بنائے جانے سے متعلق آگاہ کیا تھا۔ انہوں نے دونوں حکام سے استدعا کی تھی کہ دہشت گردوں کے خلاف بروقت اقدامات کو یقینی بنایا جائے، لیکن وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیف سیکرٹری کی طرف سے انہیں جواب نہ مل سکا۔ مزید برآں، ڈائریکٹر ویب اینالیسز ڈویژن، پی ٹی اے اسلام آباد، کمیشن کے حکم نامے کی تعمیل میں ویڈیو لنک کے ذریعے پیش ہوئے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی جعلی، من گھڑت اور گمراہ کن خبروں کے خلاف قانونی کارروائی کے ازخود طریقہ کار سے متعلق کمیشن کو تسلی بخش تفصیلات فراہم نہ کیں، جس پر کمیشن نے برہمی کا اظہار کیا اور انہیں اگلی سماعت پر کمیشن کے سامنے روبرو پیش ہونے اور خودکار مانیٹرنگ اور قانونی کارروائی سے متعلق مکمل تفصیلات جمع کرنے کا حکم جاری کیا۔ سماعت کے دوران عدالت کے حکم کی تعمیل میں ایڈیشنل سیکرٹری ہوم بھی کمیشن کے روبرو پیش ہوئے۔ انہوں نے شہداء معاوضہ پیکیج میں اضافے کی سمری وزیراعلیٰ بلوچستان کو منظوری کیلئے ارسال کرنے سے متعلق تحقیقاتی کمیشن کو آگاہ کیا۔

بقیہ 2

ہی ان سے ٹیلیفون پر کوئی گفتگو ہوئی۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ کوشش ہے کہ جمہوریت ڈی ریل نہ ہو، کسی بھی اقدام کے خلاف جواب دینے کیلئے پی ٹی آئی نیصف بندی کر رکھی ہے، لانگ مارچ سے قبل بھی نہیں کہا کے پی حکومت دہشت گردی کیخلاف اقدامات نہیں کر رہی۔ پی ٹی آئی چیئرمین نے کہا کہ دہشت گردی ہے تو اس کے خلاف ایکشن کریں، دہشت گردوں کیخلاف آپریشن کیلئے پالیسی ضرور ہونی چاہیے، تاکہ عوام ساتھ ہوں۔

بقیہ 3

شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور خطے کی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان اور بحرین کے درمیان دوطرفہ دفاعی و سلامتی تعاون سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے پاکستان اور بحرین کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو اجاگر کیا

بقیہ 4

ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق رپورٹ میں کہا گیا کہ مولانا فضل الرحمان مذاکراتی ڈیڈلاک کے خاتمے اور تنازعات کو طے کرانے کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کو تیار ہیں۔ مولانا فضل الرحمان کی جانب سے مصالحانہ کردار کیلئے پیش کی گئی شرائط سے بھی آگاہ کر دیا گیا، وزیراعظم کو مولانا فضل الرحمان کا خصوصی پیغام بھی پہنچایا گیا ہے۔ ذرائع نے کہا کہ وزیراعظم کی جانب سے مولانا فضل الرحمان کے ساتھ ٹیلی فونک رابطہ متوقع ہے۔ خیال رہے کہ سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے گزشتہ روز اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کی سربراہی میں ملاقات کیلئے آنیوالے حکومتی وفد کو خیبرپختونخوا میں گورنر راج نہ لگانے کا مشورہ دیا تھا۔

بقیہ 5

ایمپاورمنٹ پروگرام کے تحت ضلع کیچ، گوادر، پنجگور اور خاران سے تعلق رکھنے والے فنی و پیشہ ورانہ تعلیم کے تربیت یافتہ گریجویٹس میں اسناد تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ نے تقریب میں تربیت مکمل کرنے والی خواتین اور طالبات میں اسناد بھی تقسیم کیں۔ اس موقع پر صوبائی وزراء، مشیران، پارلیمانی سیکرٹریز، اراکین صوبائی اسمبلی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر طاہر رشید اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج کی تقریب دراصل ان نوجوان خواتین کی حوصلہ افزائی اور اعتراف کا موقع ہے، جنہوں نے اپنے گھروں سے نکل کر ہنر حاصل کیا اور تربیت مکمل کر کے ایک نئے سفر کا آغاز کیا ہے۔ ان کیلئے یہ ایک اہم لمحہ ہے کیونکہ جب موجودہ حکومت نے ذمہ داریاں سنبھالیں تو ایک بڑا چیلنج حکومت اور نوجوانوں کے درمیان موجود فاصلے کو کم کرنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت، کابینہ اور صوبائی اسمبلی کے اراکین نے محسوس کیا کہ نوجوان نسل اور ریاست کے درمیان ایک خلا پیدا ہو چکا ہے، خاص طور پر ریاست کے ساتھ نوجوانوں کی وابستگی میں کمی ایک اہم چیلنج تھی۔ تشدد کو وہ بنیادی چیلنج نہیں سمجھتے، اصل چیلنج نوجوانوں کو ریاست پاکستان کے ساتھ دوبارہ جوڑنا ہے اور اس مقصد کیلئے عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کو اس مقصد کیلئے اپنے ساتھ شامل کیا تاکہ ریاست، حکومت اور نوجوانوں کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کیا جا سکے اور پروگرام کے شفاف نفاذ کو یقینی بنایا جا سکے۔ اگر حکومت براہ راست اس نوعیت کے منصوبے شروع کرتی تو سرکاری طریقہ کار کے باعث تاخیر اور دیگر انتظامی مسائل پیدا ہو سکتے تھے، اس لیے بی آر ایس پی جیسے ادارے کے ذریعے نوجوانوں کو تربیت، رہنمائی اور عملی معاونت فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ پروگرام صرف تربیت اور سرٹیفکیٹ تک محدود نہیں بلکہ نوجوانوں کو ہنر کے بعد کاروبار شروع کرنے کے قابل بنانا اس پروگرام کا بنیادی مقصد ہے۔ بی آر ایس پی حکومت بلوچستان کے تعاون سے تربیت مکمل کرنے والوں کی مسلسل رہنمائی کرے گا، نجی شعبے کی مہارت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے انہیں کاروباری سرگرمیوں کیلئے تیار کیا جائے گا اور حکومت کئی سال تک ان کی معاونت جاری رکھے گی تاکہ وہ اپنے پیروں پر کھڑی ہو سکیں

بقیہ 6

دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے لئے حکومتی سطح پر مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ جمعرات کو ترجمان وزارت خارجہ کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے پاکستان۔ بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کی روداد پر مشتمل پروٹوکول پر دستخط کئے جس میں تجارت و سرمایہ کاری، زراعت اور غذائی تحفظ، تیل، گیس اور معدنیات، بحری امور، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی کمیونیکیشن، صحت، تعلیم اور محنت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون پر اتفاق کیا گیا ہے۔ دونوں فریقوں نے باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کے حوالے سے باقاعدہ مشاورت، رابطہ کاری اور تعاون کے لئے حکومتی سطح پر تجارت و سرمایہ کاری سے متعلق مشترکہ ورکنگ گروپ قائم کرنے پر اتفاق کیا جو ایک ادارہ جاتی طریق کار کے طور پر کام کرے گا۔

بقیہ 7

مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے جمعرات کو یہاں ملاقات کی۔ وہ پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کے ہمراہ پاکستان اور بحرین کے درمیان مشترکہ وزارتی کمیشن (جے ایم سی) کے تیسرے اجلاس کی مشترکہ صدارت کیلئے پاکستان آئے ہیں۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے بحرینی وزیر خارجہ کا خیرمقدم کرتے ہوئے بحرین کی قیادت اور عوام کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے پاکستان اور بحرین کے درمیان دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو سراہتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات مشترکہ اقدار، باہمی اعتماد اور عوامی روابط پر قائم ہیں

بقیہ 8

کے فوری ازالے کے لئے کی جانے والی کوششوں کو موثر انداز میں اجاگر کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس کی خدمات سے استفادہ کر سکیں۔ صدر مملکت آصف علی زرداری سے وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے جمعرات کو یہاں ایوان صدر میں ملاقات کی جس میں انہوں نے صدر مملکت کو سال 2025 کی سالانہ رپورٹ پیش کی۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وفاقی محتسب نے صدر مملکت کو ادارے کی کارکردگی اور عوام کو انتظامی انصاف تک رسائی بہتر بنانے کے لئے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ وفاقی محتسب نے 2025 میں ریکارڈ 261,101 شکایات کا ازالہ کیا جبکہ 2024 میں 223,198 شکایات نمٹائی گئی تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عمل

درآمد کی شرح 96.8 فیصد رہی۔ انہوں نے صدر مملکت کو وفاقی محتسب کے ادارے کی 28 شہروں تک توسیع اور بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کیلئے قائم ون ونڈو سہولت ڈیسکس کے بارے میں بھی آگاہ کیا

بقیہ 9

1.21 ارب ڈالر فراہم کرنے کی منظوری دے گا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ پاکستان نے معاشی اہداف کے حصول کیلئے بہترین کوششیں کیں، پاکستان میں آئی ایم ایف کے پروگرام سے معاشی استحکام آیا، پاکستان میں اصلاحات کا عمل تیز تر ہوا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ پاکستان میں جولائی تا مارچ 2026 میں معاشی ترقی 4 فیصد رہی، مشرق وسطی بحران سے شرح نمو 3.6 فیصد تک متاثر ہوئی، مئی 2026 میں افراط زر بلند ترین سطح پر پہنچا، ترسیلات زر نے کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ قابو میں رکھا۔ اعلامیے کے مطابق آئی ایم ایف نے پیٹرول سبسڈی اسکیم مرحلہ وار ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ سبسڈی کو مزید وسعت نہ دی جائے اور صرف مستحقین تک محدود ہو، مہنگی اور وسیع پیمانے پر دی جانے والی فیول اسکیم فوری ختم کی جائے

بقیہ 10

مملکت نے یہ بات بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی سے ملاقات کے دوران کہی جنہوں نے جمعرات کو ایوان صدر میں ان سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان خصوصی ملاقات ہوئی جس کے بعد وفود کی سطح پر مذاکرات ہوئے۔ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی پاکستان بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس میں شرکت کے لئے پاکستان کے دورے پر ہیں۔ ملاقات کے دوران صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان مضبوط دوطرفہ سیاسی تعلقات کو مزید گہرے تجارتی اور سرمایہ کاری روابط میں تبدیل کرنے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے غذائی تحفظ، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل خدمات، تعمیرات، کان کنی، بندرگاہوں کی خدمات، تحقیق و ترقی، سیاحت اور صحت کے شعبوں میں تعاون کے وسیع مواقع کو اجاگر کیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان کاروباری سطح پر روابط اور شراکت داری کو مزید فروغ دینے کی بھی حوصلہ افزائی کی۔ صدر مملکت نے بحرین کی جانب سے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت اور مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا خیرمقدم کرنے اور علاقائی امن، سلامتی اور استحکام کیلئے پاکستان کی کوششوں کو تسلیم کرنے پر بھی اظہار تشکر کیا

بقیہ 11

پیٹرولیم سپلائی چین کو اوگرا اینڈ ٹو اینڈ ڈیجیٹائز کردے گا۔ انہوں نے کہا کہ مشرق وسطی جنگ سے دنیا میں کھاد کا بحران پیدا ہوا، ہم نے کھاد فیکٹریوں کو گیس دی اور کھاد کی قیمت بھی نہیں بڑھی۔ اس دوران اوگرا حکام نے بتایا کہ گیس سیکٹر کا مجموعی گردشی قرض 3 ہزار ارب روپے سے زیادہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صرف سوئی ناردرن اور سدرن کا گردشی قرض ایک ہزار ارب روپے ہے۔

بقیہ 12

نے پاکستان تحریک انصاف کے ساتھ مذاکرات کا عندیہ دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف اور مولانا فضل الرحمان کے درمیان جلد رابطے کا امکان ہے اور مولانا فضل الرحمان نے پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کا عندیا دے دیا ہے۔ قبل ازیں حکومت کی مذاکراتی ٹیم نے مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کر دی، حکومتی ٹیم میں اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق، رانا ثناء اللہ اور ڈاکٹر طارق فضل شامل تھے۔ دوسری جانب قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی اور سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ ناصر عباس نے حکومت سے مذاکرات کو بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات سے مشروط کر دیا ہے اس حوالے سے بتایا گیا کہ محمود خان اچکزئی نے کوئٹہ سے علامہ راجا ناصر عباس سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا اور دونوں رہنماؤں نے مذاکرات سمیت آل پارٹیز کانفرنس کے حوالے سے مشاورت کی۔

بقیہ 13

میں عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی خاطر بین الاقوامی ترقیاتی اداروں کے تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ صوبائی حکومت اور متعلقہ ادارے اس سلسلے میں ہر ممکن تعاون جاری رکھیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (FAO) بلوچستان سب آفس کے سربراہ ولید مہدی کی قیادت میں وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس دوران مراد خان میاخیل، ناصر جمال جوگیزئی اور محمد صادق آغا بھی موجود تھے۔ ملاقات میں صوبے میں زرعی ترقی، لائیو اسٹاک، باغبانی، خوراک کے تحفظ، کسانوں کی تربیت، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے اور دورافتادہ اضلاع میں ترقیاتی پروگراموں کے فروغ سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کی معیشت میں زراعت، باغات اور لائیو اسٹاک کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ جدید زرعی ٹیکنالوجی، بہتر بیج، آبپاشی کے موثر نظام، موسمیاتی تبدیلی سے ہم آہنگ طریقہ ہائے کاشت اور کسانوں کی جدید تربیت کے ذریعے زرعی پیداوار میں نمایاں اضافہ کیا جا سکتا ہے

بقیہ 14

اتحاد کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے بیان میں کہا کہ حوثی ملیشیا کی جانب سے خمیس مشیط کی طرف داغا گیا ایک بیلسٹک میزائل سعودی دفاعی نظام نے ناکارہ بنا دیا۔ ترجمان کے مطابق حوثی ملیشیا نے ریاض کی جانب بھی 2 بیلسٹک میزائل داغے، جنہیں سعودی عرب کے دفاعی نظام نے تباہ کر دیا۔ میجر جنرل ترکی المالکی نے کہا کہ سعودی عرب کی جانب آنے والے میزائلوں کو بروقت نشانہ بنا کر خطرہ ٹال دیا گیا۔

بقیہ 15

کر دی، جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار جاں بحق ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق حملہ آوروں نے پولیس اہلکار پیر جان کے گھر کو نشانہ بنایا اور دستی بم حملے کے بعد خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں پیر جان موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ جاں بحق اہلکار کی شناخت پیر جان ولد محمد ابراہیم کے نام سے ہوئی ہے۔ واقعے سے متعلق مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آ سکیں۔

بقیہ 16

۔ امریکی صدر کے مطابق ایران کے ساتھ مذاکرات جاری ہیں اور موجودہ صورتحال میں بات چیت کے ذریعے معاملات آگے بڑھانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے خلاف امریکا کی بحری ناکہ بندی پوری قوت کے ساتھ برقرار رہے گی۔ انہوں نے آبنائے ہرمز کی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہاں سے ریکارڈ تعداد میں تیل کے بیرل گزر رہے ہیں۔ ٹرمپ کے مطابق گزشتہ رات آبنائے ہرمز سے 2 کروڑ 20 لاکھ بیرل تیل گزرا، تاہم ان کا دعویٰ تھا کہ اس میں سے ایک بیرل بھی ایران سے نہیں آیا اور نہ ہی ایران کی طرف گیا۔ امریکی صدر کے بیان میں ایران کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائی، معاشی دباؤ اور جاری مذاکرات تینوں پہلو نمایاں رہے

بقیہ 17

129.8 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق سرمایہ کاری کے اعداد و شمار کے مطابق متحدہ عرب امارات نے پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز میں 110 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی، جبکہ بحرین کی جانب سے پاکستانی بانڈز میں 10 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ستمبر کے دوران فکسڈ ریٹ پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز پر شرح منافع تقریباً 12.4 سے 12.5 فیصد رہی، جس کے دوران خلیجی ممالک کے سرمایہ کاروں کی جانب سے پاکستانی بانڈز میں سرمایہ کاری کا سلسلہ جاری رہا۔

بقیہ 18

نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ حکومت گوادر پورٹ کو مکمل طور پر فعال بنانے کیلئے بھرپور تعاون اور مکمل حمایت فراہم کرے گی۔

بقیہ 19

ذیلی کمیٹی کے اجلاس میں ڈی جی حج کی تبدیلی، حج پالیسی، میڈیا نمائندوں کو حج پر بھجوانے اور زیارات پالیسی سے متعلق اہم سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ کمیٹی نے ڈی جی حج سے ویڈیو لنک کے ذریعے بریفنگ لینے سے انکار کرتے ہوئے ان کی تبدیلی کا معاملہ دوبارہ اٹھا دیا۔ ذیلی کمیٹی کا اجلاس کنوینئر اعجاز الحق کی زیر صدارت ہوا، جس میں کمیٹی ارکان نعیمہ کشور، شگفتہ جمانی اور احمد سلیم صدیقی نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری مذہبی امور ابرار مرزا سمیت وزارت کے دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے، جبکہ کمیٹی کو حج پالیسی 2027 سے 2030 تک کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کے دوران ڈی جی حج کا معاملہ ایک مرتبہ پھر زیر بحث آیا۔ کمیٹی ارکان نے سوال اٹھایا کہ ڈی جی حج کو اب تک کیوں نہیں ہٹایا جا رہا؟ اس موقع پر کمیٹی نے ڈی جی حج سے ویڈیو لنک کے ذریعے بریفنگ لینے سے بھی انکار کر دیا۔ سیکرٹری مذہبی امور نے کمیٹی کو بتایا کہ نئے ڈی جی حج کی تعیناتی کا معاملہ زیر غور ہے

بقیہ 20

میں اسلام آباد ہائی کورٹ، وفاقی محتسب اور صدر پاکستان کے احکامات کالعدم کر دیئے۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے 12 صفحات کا حکم نامہ تحریر کیا۔ تین رکنی بینچ میں جسٹس عامر فاروق اور جسٹس علی باقر نجفی بھی شامل تھے۔ مقدمہ سابق بینک ملازم جاوید اقبال بھٹی کی پنشن سے متعلق تھا، جن کی ملازمت 5 سال، 10 ماہ اور 8 دن رہی۔ انہیں 2015 میں 48 ہزار روپے کی اولڈ ایج گرانٹ منظور ہوئی تھی، بعد میں وفاقی محتسب نے پنشن دینے کا حکم دیا۔ عدالت کے مطابق پنشن کیلئے عمومی طور پر کم از کم 15 سال کی شراکت درکار ہے، یکم جولائی 2008 سے بیمہ شدہ ہونے کے باعث درخواست گزار پانچ سال کی خصوصی رعایت کا اہل بھی نہیں تھا۔ پہلے منظور کردہ گرانٹ سے پنشن کا حق پیدا نہیں ہوتا۔ عدالت نے واضح کیا کہ پنشن کی درخواست مسترد ہونا بذات خود بدانتظامی نہیں

بقیہ 21

کے خلاف ان کی پالیسی ایک جیسی ہے۔ جی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے حنیف عباسی نے کہا کہ پی ٹی آئی کی قیادت نے 40 ہزار دہشت گردوں سے متعلق کہا کہ یہ اپنے بچے ہیں، دہشت گرد آپ کے بچے نہیں ہو سکتے وہ ریاست کے دشمن ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بھی دہشت گردی ہے مگر بلوچستان کے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے کمپرومائز نہیں کیا۔ حنیف عباسی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی پوری حکومت دہشت گردوں کو سہولت کاری کر رہی ہے، ہمیں پتہ چل گیا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت کے اراکین سونے کے بن کر آ جائیں تو ان پر یقین نہیں کرنا، یہ دہشت گردوں کے سہولت کار ہیں۔

بقیہ 22

کو حکومت کی موجودہ قرض ضمانتی اسکیموں میں شامل کیا جا سکے گا۔ اس اقدام کا مقصد چھوٹے کاروباروں اور کسانوں تک قرضوں کی سہولت کو مزید وسیع کرنا ہے۔ اقتصادی رابطہ کمیٹی نے سستی رہائش کیلئے قرضوں کی فراہمی میں آسانی پیدا کرنے کی غرض سے موجودہ کریڈٹ گارنٹی فنڈ کے دائرہ کار میں توسیع کی منظوری دے دی

بقیہ 23

خلاف پاک فضائیہ کے استعمال سے متعلق نیویارک ٹائمز کی خبر مکمل طور پر جھوٹی اور من گھڑت ہے۔ وزارت اطلاعات ونشریات کی جانب سے جاری کردہ فیکٹ چیک کے مطابق عالمی میڈیا کو ایک بار پھر نشاندہی کی جاتی ہے کہ وہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت پاکستانی افواج کے استعمال پر قیاس آرائیوں سے گریز کرے۔ بیان میں کہا گیا کہ افواج کی کسی بھی قسم کی تعیناتی اگر ضروری ہوئی تو اس کی تفصیلات متعلقہ حکام خود فراہم کریں گے۔

بقیہ 24

کے باعث جاں بحق ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق جاں بحق افراد کی شناخت محمد حسن اور محمد ہاشم کے نام سے ہوئی ہے، دونوں میر زا خان قوم ملاخیل، کلی ملا عبداللہ کے رہائشی تھے۔ پولیس ذرائع کے مطابق دونوں بھائی گھر سے ناراض ہو کر نکلے تھے، جن کی لاشیں بعدازاں کوئلے کی بند کان سے برآمد ہوئیں۔ پولیس کے مطابق لاشوں کو ضروری کارروائی کیلئے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، جبکہ واقعے سے متعلق مزید تحقیقات جاری ہیں۔ دوسری جانب درہ آدم خیل کے علاقے اخوروال میں کوئلے کی کان میں پیش آنے والے حادثے کے نتیجے میں شانگلہ سے تعلق رکھنے والے 2 محنت کش مزدور جاں بحق ہو گئے۔ جاں بحق ہونے والوں میں زرین تاج ولد فضل کریم سکنہ بانڈہ دولت الپوری اور محمد قیوم ولد محمد زمان سکنہ چکلو یونین کونسل رانیال الپوری ضلع شانگلہ شامل ہیں۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی دونوں 2 محنت کش مزدوروں کے آبائی علاقوں میں سوگ کی فضا پھیل گئی جبکہ اہل خانہ غم سے نڈھال ہو گئے۔ دونوں محنت کش مزدور روزگار کے سلسلے میں درہ آدم خیل کے علاقے اخوروال میں کوئلے کی کان میں کام کر رہے تھے جہاں دوران کان کنی حادثہ پیش آیا، حادثے میں دونوں محنت کش جان کی بازی ہار گئے۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر مقامی امدادی ٹیموں اور متعلقہ اداروں نے کارروائی کرتے ہوئے جاں بحق محنت کشوں کی لاشیں کان سے نکالیں جنہیں ضروری کارروائی کے بعد آبائی علاقوں کو روانہ کیا گیا

بقیہ 25

گردوں کی حمایت اور فنانسنگ بند کریں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ روایت بن گئی ہے کہ آپ ہر دو تین ماہ بعد اسلام آباد پر حملہ آور ہوں، مجھے ٹی ٹی پی یا ان کے جو سرپرست ہیں ان کے خلاف ان کا ایک بیان دکھا دیں۔ انہوں نے کہا کہ ان پیسوں کو بھتہ کہہ لیں یا خوشی کے ساتھ کہہ لیں، یہ دیتے ہیں، دہشتگرد خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں دندناتے پھرتے ہیں، صوبائی حکومت کی ان اضلاع میں رٹ نہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ کیا موجودہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا وہاں پر موجود نہیں، یہ ملک کے خلاف پاکستان کے خلاف بددیانتی کی حد ہے، ان کے الحاق یا منصوبہ بندی کا اب سب کو معلوم ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا جس طرح انہوں نے کہا سومنات پر حملہ، یہ ان کے دل کے جذبات کا اظہار تھا، اگر یہ بلیک میلنگ کریں گے تو مستقبل میں بانی کیلئے کوئی ریلیف نظر نہیں آ رہا، حکومت ان کو پریشر میں آ کر کوئی ریلیف نہیں دے گی۔ وزیر دفاع نے کہا مذاکرات کی ٹیبل پر بیٹھ کر واپس گھر جائیں اپنے صوبے کا خیال رکھیں، وہاں دہشتگردوں کی حمایت ترک کریں ان کا فنانس بند کریں

بقیہ 26

اور انتقامی طرز عمل پر اب خاموش تماشائی نہیں بنیں گے بلکہ اس جبر و زیادتی کے خلاف خم ٹھونک کر میدان عمل میں اتریں گے۔ جمعیت علماء اسلام کے متعدد رہنماؤں اور کارکنوں کو طویل عرصے سے مسلسل انتظامی دباؤ، پابندیوں اور انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ حکومت ایک طرف ان واقعات پر اظہار یکجہتی اور مذمت کرتی ہے، لیکن دوسری جانب آج تک ہمارے کسی رہنما یا کارکن کے قاتلوں کو قانون کے کٹہرے میں نہیں لایا جا سکا، جبکہ الٹا جمعیت کے رہنماؤں کے نام فورتھ شیڈول اور ایگزٹ کنٹرول لسٹ میں شامل کیے جا رہے ہیں، شناختی کارڈ بلاک کیے جا رہے ہیں

بقیہ 27

احسن اقبال نے ضروری اشیاء کی قیمتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ اشیائے ضروریہ کی فراہمی، منڈیوں میں آمد، ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری اور بلاجواز قیمتوں میں اضافے کی مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے یہ ہدایات نیشنل پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے دیں۔ اجلاس میں ماہانہ اور ہفتہ وار مہنگائی کی صورتحال، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں، تھوک اور پرچون قیمتوں میں فرق اور گزشتہ اجلاسوں کے فیصلوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ستمبر 2026 میں سی پی آئی افراط زر سالانہ بنیادوں پر 10.3 فیصد رہا، جو اگست میں 11.1 فیصد تھا، جبکہ جولائی تا ستمبر مالی سال 2026-27 کے دوران اوسط افراط زر 10.2 فیصد رہا۔ ڈبلیو پی آئی افراط زر سالانہ بنیادوں پر بڑھ کر 13.3 فیصد ہو گیا جبکہ یکم اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتے کیلئے ہفتہ وار ایس پی آئی میں سالانہ بنیادوں پر 11.53 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ سالانہ بنیادوں پر سب سے زیادہ اضافہ پیاز، ایل پی جی، بجلی، ڈیزل، پٹرول اور آٹے میں ریکارڈ کیا گیا، جبکہ مرغی، لہسن، چنے کی دال اور ایل پی جی میں ہفتہ وار بنیادوں پر نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا

بقیہ 28

بلوچستان بھر کے دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کو مدعو کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تقریب کی تیاریوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں سی ای او عبدالمنان، سوشل انوویشن اکیڈمی کی نمائندہ روزینہ کاکڑ اور دیگر حکام نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی دیہی خواتین میں کاروباری صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، انہیں جدید کاروباری طریقوں سے روشناس کرانے اور اپنے وسائل کو آمدن کے مؤثر ذرائع میں تبدیل کرنے کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین صوبے کی معیشت میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں، بالخصوص دیہی علاقوں میں خواتین دستکاری، زراعت، لائیو اسٹاک، فوڈ پروسیسنگ، گھریلو صنعت، سیاحت اور دیگر شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر نہ صرف اپنے خاندانوں کی معاشی حالت بہتر بنا سکتی ہیں بلکہ مقامی معیشت کے فروغ میں بھی نمایاں کردار ادا کر سکتی ہیں

بقیہ 29

تیل سپلائی کا بحران ہے، کشیدگی سے پیٹرول ڈیزل اور خام تیل کی سپلائی متاثر ہوئی، دنیا کی تاریخ میں ڈیزل اتنا مہنگا کبھی نہیں ہوا، ہمیں معلوم ہے احساس بھی ہے کہ عوام تکلیف میں ہیں۔ رکن کمیٹی سید نوید قمر نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی نان ٹیکس ریونیو ہے، پیٹرولیم لیوی پر پارلیمنٹیرینز کا ووٹ نہیں ہے، پیٹرولیم لیوی ایگزیکٹو کے ہاتھ میں ہے۔ وزیر پیٹرولیم نے جواب دیا کہ پیٹرولیم لیوی کے اہداف بجٹ میں مختص ہیں، ملٹی لیٹرل پارٹنر کے بغیر لیوی کے ہدف میں تبدیلی نہیں کر سکتے، ہم نے کچھ نہیں چھپایا ہر چیز اوگرا کی ویب سائٹ پر موجود ہے، پیٹرولیم لیوی 80 روپے کی حد تک وصول کی جا رہی۔ رکن کمیٹی معین عامر پیرزادہ نے مطالبہ کیا کہ عوام تنگ ہیں تیل کی قیمتوں پر غور کیا جائے

بقیہ 30

قوم نے دکھ کی اس گھڑی میں متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑا اور ہر ممکن تعاون کیلئے آگے بڑھی۔ قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ بڑے پیمانے پر آنے والی قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے صرف حادثے کے بعد امدادی کارروائیاں کافی نہیں بلکہ پیشگی منصوبہ بندی، ادارہ جاتی استعداد اور فوری فیصلہ سازی کو بھی ترجیح دینا ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ موسمی اور قدرتی خطرات کے تناظر میں جدید سائنسی معلومات، پیشگی اطلاع کے نظام، مؤثر ریسکیو میکنزم اور ہنگامی طبی سہولیات کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے تاکہ مستقبل میں کسی بھی ناگہانی صورتحال کے دوران قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے

بقیہ 31

اینجلس یا سان ڈیاگو جیسے کسی بڑے امریکی شہر کو نشانہ بنایا تو یہ انتہائی سنگین مسئلہ ہو گا۔ امریکی صدر نے کہا کہ امریکا کے کسی بڑے شہر پر حملے کو معمولی واقعہ نہیں سمجھا جائے گا۔

بقیہ 32

کیا۔ وکٹر زولوتوف نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ صدر ولادیمیر پوتن نے انہیں رمضان قادروف تک صدارتی حکم پہنچانے کی ذمہ داری سونپی تھی، جس کے تحت انہیں کرنل جنرل سے ترقی دے کر آرمی جنرل کا رینک دیا گیا۔ روسی نیشنل گارڈ کے سربراہ کے مطابق رمضان قادروف کو یہ رینک دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف کارروائیوں، روس کی داخلی اور عوامی سلامتی یقینی بنانے، خصوصی دستوں کی ترقی اور جنگی ذمہ داریاں انجام دینے والے فوجی یونٹوں کی معاونت کے اعتراف میں دیا گیا ہے۔ وکٹر زولوتوف نے کہا کہ رمضان قادروف نے مسلح گروہوں کے خلاف کارروائیوں میں ذاتی طور پر حصہ لیا، جبکہ چیچنیا کی قیادت نے وزارت دفاع اور نیشنل گارڈ کے مختلف یونٹوں کی تربیت اور انہیں جدید ساز و سامان فراہم کرنے میں بھی اہم کردار ادا کیا

بقیہ 33

کے حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ پنشن کی درخواست مسترد ہونا بذات خود بدانتظامی نہیں۔ قانونی اہلیت کے تنازع کو محض بدانتظامی کا نام دے کر محتسب کا دائرہ اختیار نہیں بڑھایا جا سکتا۔ عدالت کے مطابق پنشن کیلئے عمومی طور پر کم از کم پندرہ سال کی شراکت درکار ہے، جبکہ درخواست گزار جاوید اقبال بھٹی کی بیمہ شدہ ملازمت چھ سال سے بھی کم تھی۔ یکم جولائی 2008 سے بیمہ شدہ ہونے کے باعث انہیں پانچ سال کی خصوصی رعایت بھی حاصل نہیں تھی۔ عدالت نے واضح کیا کہ پہلے دی گئی اڑتالیس ہزار روپے کی اولڈ ایج گرانٹ پنشن کا حق پیدا نہیں کرتی۔ فوائد کی اہلیت کے تنازعات ای او بی آئی قانون میں مقررہ طریقہ کار کے تحت طے ہوں گے، جبکہ بغیر دائرہ اختیار جاری حکم، بعد کی توثیق سے قانونی حیثیت حاصل نہیں کر سکتا۔

بقیہ 34

کا علن جاں بحق ہو گیا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق جمعرات کو دکی کی مقامی کوئلہ کان میں کام کے دوران اچانک مٹی کا تودہ گرنے سے ملبے تلے دب کر ایک کا علن اسماعیل جاں بحق ہو گیا۔ ریسکیو ٹیموں نے نعش ملبے تلے سے نکال کر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی۔

بقیہ 35

کا راستہ اختیار کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی شاہراہیں ویران اور عوام پریشان ہیں۔ بدامنی اور قتل و غارت گری سے ہر علاقہ متاثر ہے، معیشت اور تجارت تباہ ہو چکی ہے۔ حکومتی سطح پر روزگار کے مواقع نہیں، نہ ہی سرکار کی طرف سے روزگار اور کاروبار کیلئے کارخانے قائم کیے گئے ہیں، جبکہ بارڈرز کی بندش نے جلتی پر تیل کا کام کیا ہے۔ ہر طرف غربت، بے روزگاری اور پریشانی کے ساتھ بدعنوانی و بدامنی کا دور دورہ ہے، معیشت تباہ، عوام بدحال اور جان و مال غیر محفوظ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو بندوق نہیں بلکہ تعلیم، روزگار اور ترقی کے مواقع درکار ہیں۔ خیرات نہیں وسائل پر دسترس اور حقوق چاہئیں حکومت فوری طور پر عوامی اعتماد بحال کرنے کیلئے امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے عملی اقدامات کرے

بقیہ 36

مشترکہ دفاع اور اسٹریٹجک خودانحصاری کی جانب ایک انقلابی قدم ہے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے اپنے ایک اہم بیان میں کہا کہ ترجمان پاک فوج کا یہ واضح اعلان کہ پاکستانی عسکری دستے پہلے سے ہی سعودی عرب میں مختلف صلاحیتوں کے تحت خدمات انجام دے رہے ہیں، اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان ہمیشہ سے حرمین شریفین اور سعودیہ کی سلامتی کو اپنی اولین ترجیح مانتا آیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ " مکہ دفاعی معاہدہ " پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ابھرتے ہوئے اسٹریٹجک تعاون کا عکاس ہے۔ دفاعی پیداوار کی کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ یہ اتحاد نہ صرف خطے میں امن و امان قائم رکھنے اور مشترکہ خطرات کا مقابلہ کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا، بلکہ دفاعی پیداوار اور عسکری ٹیکنالوجی کے تبادلے میں بھی نئی راہیں کھولے گا

بقیہ 37

کے مطابق ایران اور عمان اس بات پر بھی متفق ہو گئے ہیں کہ ان راستوں کے جغرافیائی نقاط متعلقہ بین الاقوامی بحری ادارے تک کس طریقے سے پہنچائے جائیں گے۔ یہ پیش رفت آبنائے ہرمز میں بحری آمد و رفت بحال کرنے کیلئے ایران اور عمان کے درمیان طے پانے والے مرحلہ وار فریم ورک کا حصہ ہے۔ دونوں ممالک نے اس سے قبل اگست میں ایک عارضی بحری راہداری قائم کرنے، سمندری بارودی سرنگیں صاف کرنے اور مستقبل میں مستقل بحری راستہ بنانے پر اتفاق کیا تھا۔ اس منصوبے میں بحری ٹریفک کے انتظام اور متعلقہ معلومات ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کرنے کے طریقہ کار پر بھی کام شامل ہے، تاہم ایران اور عمان کے درمیان محفوظ راستوں کے کوآرڈینیٹس پر اتفاق کا یہ مطلب نہیں کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھول دی گئی ہے یا تجارتی جہازوں کو غیر مشروط اور مکمل محفوظ گزرنے کی ضمانت حاصل ہو گئی ہے۔ ایران پہلے بھی واضح کر چکا ہے

بقیہ 38

ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ، ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل، ڈپٹی کمشنر استا محمد رمضان پلال، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان، ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ سمیت محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران فیز ٹو کے تحت سال 2025 میں مختلف اضلاع

کے ہسپتالوں اور مراکز صحت میں تعینات کیے گئے ڈاکٹرز اور اسٹاف نرسز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے کمشنر نصیرآباد ڈویژن کو طبی عملے کی حاضری کی جائے تعیناتی پر موجودگی، فرائض کی انجام دہی اور مجموعی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اس جائزے کا مقصد بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ڈاکٹرز اور اسٹاف نرسز کی مدت تعیناتی میں توسیع کے حوالے سے سفارشات مرتب کرنا تھا اجلاس کے دوران ضلع نصیرآباد، جعفرآباد، استا محمد اور جھل مگسی کے ڈپٹی کمشنرز نے بعض ڈاکٹرز کی کارکردگی اور ان کی جائے تعیناتی پر موجودگی کے حوالے سے عدم اطمینان کا اظہار کیا

بقیہ 39

سیشن میں SAP ڈیٹا، ٹیکس دہندگان کو متعلقہ قوانین و قواعد کے تحت نوٹسز کا اجراء، ڈیسک آڈٹ، شارٹ پیمنٹس، اسیسمنٹ آرڈرز، ان پٹ/آؤٹ پٹ ٹیکس اور ٹیکس انفورسمنٹ کے مراحل کے حوالے سے عملی معلومات فراہم کی گئیں۔ آئی ٹی سیشن میں رجسٹریشن کے عملی طریقہ کار، ریٹرن فائلنگ اور متعلقہ Annexures کے حوالے سے بھی شرکاء کو تربیت دی گئی۔ تربیتی سیشن میں AG آفس، ٹیکس ماہرین اور PRAL کے نمائندگان نے بطور ٹرینرز شرکت کی۔ BRA حکام کے مطابق تربیت کا مقصد متعلقہ افسران، انسپکٹرز، آڈیٹرز، ٹیکس سپیشلائزیشن افسران اور آئی ٹی ٹیم کی پیشہ ورانہ استعداد اور عملی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانا ہے، تاکہ ٹیکس انتظامیہ، ٹیکس دہندگان کو سہولت اور محصولات کی وصولی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔

بقیہ 40

انرولمنٹ، ریٹرن فائلنگ اور دیگر ٹیکس امور سے متعلق فراہم کی جانے والی رہنمائی اور معاونت پر بھی غور کیا گیا۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ ٹیکس دہندگان کے مسائل اور شکایات کو مؤثر انداز میں حل کرتے ہوئے انہیں ٹیکس سے متعلق معاملات میں بروقت رہنمائی فراہم کی جائے۔

بقیہ 41

نمائندگان کی شرکت، تجارتی سرگرمیوں کو مزید سہل اور مؤثر بنانے کے لیے مختلف امور پر تبادلہ خیال گوادر پورٹ سے ایرانی ٹرانزٹ اور TIR سہولت کے فروغ کے لیے عملی اقدامات پر غور تجارتی معاملات کے حل اور عملی پیش رفت کے لیے دوسرا اجلاس جلد گوادر میں منعقد کرنے کا فیصلہ گوادر اجلاس میں متعلقہ حکام، تاجر برادری اور کلیئرنگ ایجنٹس اپنے مسائل اور تجاویز پیش کریں گے گوادر پورٹ سے زمینی تجارت کو فعال بنانے اور ٹرانزٹ ٹریڈ کے فروغ کی کوششیں جاری

بقیہ 42

کاشتکاروں کو کسان کارڈ کے حصول کیلئے فون کال کے ذریعے اطلاع دی جا رہی ہے، جبکہ بائیومیٹرک تصدیق کیلئے پیغام موصول ہونے والے کاشتکار ضلع گوادر میں مقررہ KonnectHBL کی مجاز فرنچائزز سے اپنی بائیومیٹرک تصدیق مکمل کروائیں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت نے تمام رجسٹرڈ کاشتکاروں سے اپیل کی کہ وہ ضروری دستاویزات کے ہمراہ مقررہ طریقہ کار کے مطابق اپنی بائیومیٹرک تصدیق جلد مکمل کریں تاکہ وہ بینظیر کسان کارڈ کی سہولیات اور حکومتی زرعی معاونت سے بروقت مستفید ہو سکیں۔

بقیہ 43

(ریونیو) سلمان علی بلیدی، اسسٹنٹ کمشنر گدر عبدالجبار بلوچ سمیت تمام ضلعی محکموں کے افسران نے شرکت کی اجلاس میں امن و امان اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی گئی افسران نے منصوبوں کی موجودہ پیش رفت، تکمیل کی صورتحال اور نئی اسکیموں سے متعلق تفصیلات پیش کیں ڈپٹی کمشنر نے ترقیاتی منصوبوں کو بروقت اور معیار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت کی، جبکہ ضلع میں امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور مؤثر سیکورٹی اقدامات یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔

بقیہ 44

اور طبی سامان کی کھیپ مزدا گاڑی کے ذریعے بارکھان پہنچائی گئی، جس میں ہسپتال کی ضروریات کے مطابق مختلف ادویات اور بنیادی طبی سامان شامل ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ کئی ماہ کے دوران ڈی ایچ کیو ہسپتال بارکھان میں بعض ضروری طبی سامان، بالخصوص کینولا سمیت دیگر بنیادی اشیاء کی کمی کے باعث مریضوں اور ان کے لواحقین کو مشکلات کا سامنا تھا۔ ادویات اور طبی سامان کی موجودہ کھیپ کی فراہمی سے ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کو علاج معالجے کے دوران درپیش مشکلات میں نمایاں کمی آئے گی۔ ادویات کی بروقت دستیابی سے ڈاکٹرز، نرسنگ اسٹاف اور پیرامیڈیکل عملے کو بھی مریضوں کی بہتر طبی نگہداشت اور علاج معالجے میں سہولت میسر آئے گی، جبکہ دور دراز علاقوں سے ڈی ایچ کیو ہسپتال آنے والے غریب اور مستحق مریضوں کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی مزید بہتر ہو گی۔

بقیہ 45

ڈکیتی اور قتل و غارت گری کے بڑھتے ہوئے واقعات نے شہریوں کو عدم تحفظ سے دوچار کر دیا ہے۔ شہر میں امن و امان کی صورت حال انتہائی تشویش ناک ہے حکومت اور متعلقہ ادارے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ حافظ احسان اللہ نے آٹھ سال تک قرآن و حدیث کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے محنت اور مشقت برداشت کی۔ ان کے والدین اور اہل خانہ دستار فضیلت کی خوشی کے منتظر تھے، لیکن افسوس کہ دستار بندی کی خوشیوں سے پہلے انہیں اپنے لخت جگر کی شہادت کا صدمہ برداشت کرنا پڑا۔ یہ سانحہ نہ صرف شہید کے خاندان بلکہ پورے چمن، دینی مدارس اور علمی حلقوں کے لیے ایک عظیم صدمہ ہے۔ حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا کہ چمن میں نہ علماء کرام محفوظ ہیں نہ حفاظ قرآن نہ قبائلی رہنماء اور نہ ہی عام شہری۔ عوام کے جان و مال کا تحفظ ریاست اور حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اگر شہری اپنے گھروں، بازاروں اور سڑکوں پر محفوظ نہیں تو اس صورت حال کا سنجیدگی سے نوٹس لینا ناگزیر ہے۔ چمن کے عوام مزید خوف و ہراس اور عدم تحفظ کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ مولوی حافظ احسان اللہ شہید کے قتل میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دلائی جائے، شہر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے اور امن و امان کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ عوام کو صرف بیانات اور یقین دہانیوں کے بجائے امن، تحفظ اور انصاف فراہم کیا جائے۔ حافظ محمد صدیق مدنی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مولوی حافظ احسان اللہ شہید کی شہادت کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے، والدین اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے اور چمن کو امن و سلامتی کا گہوارہ بنائے۔ آمین۔

بقیہ 46

کارکردگی کا جائزہ لینا، تدریسی نظام کو مزید مؤثر بنانا، اساتذہ کی باقاعدہ حاضری یقینی بنانا اور طالبات کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے ضروری اقدامات کرنا تھا۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (جمیل) فوزیہ درانی نے اپنے دوروں کے دوران مختلف گرلز پرائمری اسکولوں کا معائنہ کرتے ہوئے تعلیمی سرگرمیوں اور روزمرہ انتظامی معاملات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے اسکولوں میں موجود اساتذہ اور طالبات کی حاضری چیک کی اور متعلقہ ریکارڈ کا معائنہ کیا، تاکہ تعلیمی اداروں میں حاضری کے نظام، تدریسی عمل اور انتظامی نظم و ضبط کی صورت حال کا جائزہ لیا جا سکے۔ فوزیہ درانی نے جن تعلیمی اداروں کا اچانک دورہ کیا، ان میں گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول اسغارلون میر الحق، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول ظہور آباد، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول نور ایم جوگیزئی، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول زنگیوال جوگیزئی، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول حمید زنگیوال، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول راغہ زنگیوال، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول خلیز ئی نیکہ بندوں، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول مدرسہ فرقانیہ، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول حلیمہ سعدیہ، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول مسلم آباد اور گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول سلیم کلی چپلی کاکڑان شامل ہیں

بقیہ 47

کی۔ تعزیتی ریفرنس سے صدر کوئٹہ پریس کلب عرفان سعید، صدر بی یو جے منظور احمد رند، جنرل سیکرٹری کوئٹہ پریس کلب ایوب ترین، جنرل سیکرٹری بی یو جے شاہ حسین ترین، سینئر صحافیوں شہزادہ ذوالفقار، رضا الرحمٰن، خلیل احمد، عبدالخالق رند، محمد کاظم مینگل، مرحوم صحافی سید

خلیل الرحمٰن کے بھائی سید بہادر شاہ، مرحوم عابد بخاری کے بھائی سید زاہد بخاری، مرحوم موسیٰ فرمان کے بھائی شمعون فرمان، زبیر ابابکی کے بھائی سہیل ابابکی اور مرحوم عبدالستار کاکڑ کے فرزند نثار کاکڑ نے خطاب کیا۔ مقررین نے وفات پانے والے صحافیوں کی صحافت کے لئے خدمات پر زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا اور ان کی صحافتی خدمات کو سراہا۔ مقررین کا کہنا تھا کہ حالیہ دنوں میں کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے تمام سینئر صحافیوں کے انتقال سے بلوچستان کے صحافت میں ایک خلاء پیدا ہوا ہے جو شائد کبھی پورا نہ ہو۔ انہوں نے کبھی اپنے اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا ہمیشہ انسانیت کی خدمت کی اور اپنے قلم کے ذریعے حق و سچ کا پرچار کیا۔ مقررین نے کہا کہ بلوچستان میں صحافت کے شعبے سے وابستہ افراد کوئٹہ پریس کلب اور بلوچستان یونین آف جرنلسٹس اپنے ساتھیوں کی صحافت کے لئے خدمات کو فراموش نہیں کرے گی اور انہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ان کی صحافتی خدمات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں خاص کر نوجوان صحافی ان کے تجربے اور خدمات سے بہت کچھ سیکھیں گے اور ہمیں یقین ہے کہ ہماری نوجوان نسل جو صحافت کے شعبے سے تعلق رکھتا ہے ان کے اصولوں پر کاربند رہ کر ان کے مشن کو آگے بڑھائیں گے۔ تعزیتی ریفرنس کے اختتام پر تمام مرحوم صحافیوں کے ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کیلئے دعا مغفرت کی گئی۔

بقیہ 48

کنکشن منقطع کر دیے۔ کارروائی نائب تحصیلدار دشت باہوٹ دشتی اور محکمہ اریگیشن میرانی ڈیم کے شیر جان بلوچ کی نگرانی میں عمل میں لائی گئی جس کے دوران میرانی ڈیم کمانڈ ایریا میں قائم غیر قانونی پانی کے کنکشنز اور پائپ لائنز کے خلاف کارروائی کی گئی غیر قانونی طور پر نصب پائپوں کو ہٹا کر تلف کر دیا گیا جبکہ پانی کی غیر قانونی ترسیل کے ذرائع بھی ختم کر دیے گئے۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے پانی چوری میں ملوث افراد کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ غیر قانونی کنکشنز اور پانی کے غیر مجاز استعمال سے فوری طور پر گریز کریں بصورت دیگر قانون کے مطابق مزید سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے اس موقع پر واضح کیا کہ میرانی ڈیم اور اس کے کمانڈ ایریا میں پانی کے منصفانہ اور قانونی استعمال کو یقینی بنانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

بقیہ 49

شبیر احمد مدنی نے جماعتی کارکردگی، عبدالصمد حقیار نے شعبہ اطلاعات، حاجی صالح محمد نے شعبہ مالیات جبکہ مولانا علی جان نے شعبہ انصار الاسلام کی کارکردگی رپورٹس پیش کیں، جن پر اراکین نے غور و خوض کرتے ہوئے اپنی آراء اور تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں مجلس فقہی کے سربراہ مولانا مفتی محمد روزی خان، مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، عبدالغنی شہزاد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، مفتی رضا خان، مفتی سعید احمد، حافظ سراج الدین، مولانا محمد شعیب جدون، حاجی قاسم حلبی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل، عبدالباری شہزاد، سیٹھ اجمل خان بازئی، مفتی محمد ابوبکر، مفتی نیک محمد، مولانا سعد اللہ آغا سرفراز احمد شاہوانی، مفتی رشید احمد، حاجی عطاء محمد شموزئی، حافظ دوست محمد، مولانا نقیب اللہ ملاخیل سمیت دیگر اراکین عاملہ اور مجلس عمومی کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ شہر میں امن و امان کے قیام، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور معاشرتی اقدار کے دفاع کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی

بقیہ 50

روڈ عوشہر خیل اور دیگر شاہراہوں سے ہوتے ہوئے واپس ڈی سی کمپلیکس پر اختتام پذیر ہوا۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں یوم نجات کے مناسبت سے بینرز اٹھائے ہوئے تھے۔ ریلی کے اختتام پر تحصیلدار قلات اور دیگر مقررین نے ریلی کے شرکاء سے یوم نجات کے مناسبت سے خطاب کیا۔

بقیہ 51

سکیورٹی کے لیے پولیس نفری نہ ہونے کے برابر بتائی جا رہی ہے۔ تفصیلات کے مطابق سب ڈویژن وندر کے ساحلی علاقے ڈام میں جھولوں اور دیگر تفریحی سرگرمیوں پر مشتمل ایونٹ کے انعقاد کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں۔ سوال جنم لے رہا ہے کہ ایونٹ کے منتظمین نے دفعہ 144 کے نفاذ کے دوران عوامی اجتماع پر مشتمل سرگرمی کے لیے کس نوعیت کی اجازت اور سکیورٹی انتظامات حاصل کیے ہیں۔ واضح رہے کہ چند ماہ قبل بھی ڈام روڈ پر اسی نوعیت کے ایک تفریحی ایونٹ کے دوران مبینہ طور پر جھگڑے اور ناخوشگوار صورتحال پیدا ہوئی تھی اس کے باوجود دوبارہ بڑے تفریحی اجتماع کا انعقاد کیا جا رہا ہے جبکہ پچھلی سیزن کے دوران اندرون سندھ اور بلوچستان سے ماہی گیروں کی بڑی تعداد ساحلی علاقے میں موجود ہے اور ان کی سکیورٹی کے لیے پولیس نفری محدود بتائی جاتی ہے

بقیہ 52

سے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا کو علاقے کے مختلف اہم مسائل پر مشتمل تحریری درخواست پیش کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لسبیلہ و چیئرمین BSDI حمیرا بلوچ اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی بھی موجود تھے۔ وفد نے یونین کونسل اسماعیلانی کے عوام کو درپیش اجتماعی مسائل کے حوالے سے کمشنر لسبیلہ اور ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کو زبانی اور تحریری طور پر آگاہ کیا۔ انتظامی افسران نے وفد کو مسائل کے حل کیلئے جلد اور فوری اقدامات اور مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 53

ہیں، لیکن اس سے غریب اور چھوٹے زمینداروں کے اخراجات میں مزید اضافہ ہو گیا ہے اور وہ شدید معاشی دباؤ کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف بیج کھاد سمیت دیگر زرعی لاگت اور اخراجات بڑھ ہوئی رہے ہیں دوسری طرف فصل کا کم معاوضہ اور مارکیٹ تک رسائی نہ ہونا پہلے ہی کسانوں کے لیے پریشانی کا سبب ہے، اب اس خطرناک کیڑے کے حملے نے کسانوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے میر حاجی عین الدین خان کھوسہ نے مزید کہا کہ ہر سال کی طرح اس سال بھی خدشہ ہے کہ شالی کی قیمت میں کمی کر دی جائے گی جس سے کسان کو پورے سال کی محنت کا پھل بھی نہیں مل سکے گا اگر کیڑے کے تدارک کیلئے بروقت اور مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو چاول کی پیداوار میں نمایاں کمی آئے گی

بقیہ 54

مسائل، تنظیمی معاملات اور انتظامیہ و ملازمین کی نمائندہ تنظیم کے درمیان روابط کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اپیکا ضلع لورالائی کے نومنتخب عہدیداران نے اپنی تنظیمی ذمہ داریوں اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ سرکاری ملازمین کے جائز حقوق کے تحفظ، ان کے مسائل کی نشاندہی اور متعلقہ حکام تک ان کی مؤثر انداز میں رسائی کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سرکاری ملازمین کسی بھی سرکاری ادارے کے انتظامی امور چلانے اور عوام کو بہتر خدمات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کے مسائل کے حل اور ان کی فلاح و بہبود پر خصوصی توجہ دینا ضروری ہے۔ ملاقات کے دوران اس امر پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا کہ انتظامیہ اور ملازمین کی نمائندہ تنظیموں کے درمیان مسلسل رابطہ اور مثبت تعاون نہ صرف ملازمین کے مسائل کو سمجھنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے بلکہ سرکاری امور کی بہتر انجام دہی اور عوامی خدمات کے معیار کو بہتر بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ باہمی مشاورت اور رابطوں کے ذریعے مختلف مسائل کے حل کے لیے مناسب راستے تلاش کیے جا سکتے ہیں۔ اپیکا ضلع لورالائی کے نومنتخب صدر صمد پشتون، نائب صدر سید شہاب الدین اور وائس چیئرمین محمد اسد ناصر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ تنظیم کو فعال بنانے، ملازمین کے اجتماعی مفادات کے تحفظ اور ان کے جائز مطالبات کو متعلقہ فورمز پر پیش کرنے کے لیے متحد ہو کر کام کریں گے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ملازمین کے مسائل کے حل کے لیے مثبت، تعمیری اور باہمی احترام پر مبنی طرز عمل اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایڈیشنل کمشنر جناب اعجاز جعفر کے ساتھ ہونے والی اس ملاقات کو انتظامیہ اور اپیکا کے درمیان باہمی رابطوں کے فروغ کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔ ملاقات میں خوشگوار ماحول، باہمی احترام اور تعاون کے جذبے کا اظہار کیا گیا۔ اپیکا ضلع لورالائی کے نومنتخب عہدیداران نے امید ظاہر کی کہ انتظامیہ کے ساتھ رابطوں کا یہ سلسلہ مستقبل میں بھی

جاری رہے گا، تاکہ سرکاری ملازمین کو درپیش مسائل کے حل، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور سرکاری امور کی بہتر انجام دہی کے لیے مشترکہ کوششیں کی جا سکیں۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی۔

بقیہ 55

کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا کہ ڈویژنل ہیڈکوارٹر اوتھل میں کمشنر آفس کا قیام اور اس کا باقاعدہ فعال ہونا علاقے کے عوام کے دیرینہ مطالبے کی تکمیل ہے۔ انتظامی ڈویژن کا قیام اور یہاں پر انتظامی ڈھانچے کی مضبوطی سے عوام کو سرکاری امور کے سلسلے میں سہولیات میسر آئیں گی اور انہیں اپنے مسائل کے حل کیلئے دور دراز علاقوں کا سفر نہیں کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ لسبیلہ ڈویژن کے عوام کو بہتر انتظامی سہولیات کی فراہمی، گڈ گورننس، شفافیت اور عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ کمشنر آفس کے فعال ہونے سے ڈویژن کے مختلف اضلاع کے درمیان انتظامی رابطہ مزید مؤثر ہو گا اور ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی، عوامی فلاح و بہبود اور حکومتی پالیسیوں پر عملدرآمد میں بھی بہتری آئے گی۔ کمشنر سائرہ عطاء نے کہا کہ بلوچستان حکومت کی جانب سے انتظامی نظام کو مؤثر اور عوام دوست بنانے کیلئے کیے جانے والے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت نے عوامی مسائل کے حل اور انتظامی امور کو نچلی سطح تک مؤثر انداز میں پہنچانے کیلئے اہم اقدامات کیے ہیں،

بقیہ 56

جاری کیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی سخت ہدایات کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی مشترکہ ٹیموں نے شہر کے مختلف علاقوں میں غیر معیاری گندم سے تیار کردہ آٹا فروخت کرنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کیں۔ ان کارروائیوں کے دوران 24 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کیا گیا جبکہ 4 دکانیں سیل کر دی گئیں۔ متعدد دکانداروں کو سخت وارننگ بھی جاری کی گئی۔ یہ کارروائیاں سریاب روڈ، کواری روڈ، قندھاری بازار، مسجد روڈ، سٹی کے مختلف ڈیپارٹمنٹل اسٹورز، ایئرپورٹ روڈ، عالمو چوک، نواں کلی، بھوسہ منڈی اور سرکی روڈ سمیت مختلف علاقوں میں کی گئیں۔ کارروائیوں کی نگرانی اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی، اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) محمد امیر حمزہ اور اسسٹنٹ کمشنر (سریاب) کیپٹن (ر) کبیر مزاری نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں کے ہمراہ کی

بقیہ 57

اطلاعات نرگس نہاں نے فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ، جنرل سیکرٹری اللہ داد رند، نائب صدر شیخ فرید سمیت دیگر تمام عہدیداران، اراکین مرکزی کمیٹی اور ممبران کا اعتماد کرنے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میڈیا فورم نے شعبہ خواتین کی ذمہ داریاں سونپ کر خواتین میڈیا پرسنز پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے، وہ ان کیلئے باعث اعزاز ہے اور وہ اس اعتماد پر پورا اترنے کیلئے بھرپور محنت اور جدوجہد کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین میڈیا سمیت مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں، تاہم انہیں پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے دوران متعدد مشکلات اور مسائل کا سامنا ہے۔ بلوچستان میڈیا فورم شعبہ خواتین میڈیا کے تمام شعبوں میں خواتین کو درپیش مسائل، صحافتی حقوق، تحفظ، پیشہ ورانہ مواقع اور دیگر جائز مطالبات کے حل کیلئے مؤثر آواز بنے گا۔

بقیہ 58

کے لیے عملی اقدامات کرنا بہتر انتظامی نظام کی اہم خصوصیات ہیں۔ ضلعی انتظامیہ اس عزم کے ساتھ کام کر رہی ہے کہ شہریوں کو اپنے مسائل پیش کرنے کے مناسب مواقع فراہم کیے جائیں اور ان کے جائز مسائل کے حل کے لیے متعلقہ حکام کو متحرک کیا جائے۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے اس بات پر زور دیا کہ انتظامیہ اور عوام کے درمیان مضبوط رابطہ قائم رکھنا انتہائی ضروری ہے، کیونکہ عوامی مسائل سے براہ راست آگاہی حاصل کرنے کے بعد ہی ان کے حل کے لیے مؤثر حکمت عملی مرتب کی جا سکتی ہے

بقیہ 59

کھوسہ نے ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال الٰہی بخش کا جانی کے ہمراہ پٹ فیڈر کینال فیز ون کا تفصیلی دورہ کیا، واپڈا حکام کے مطابق پٹ فیڈر کینال فیز ون کا منصوبہ پایہ تکمیل تک پہنچ چکا ہے اور آرڈی 1183 سے آرڈی 1319 تک کینال کا حصہ محکمہ اریگیشن بلوچستان کے حوالے کیا جانا ہے، معائنے کے دوران کینال کی مختلف مقامات پر نقائص کی نشاندہی کی گئی جس پر متعلقہ حکام کو مرمتی کام فوری اور معیاری بنیادوں پر مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی، واپڈا کے سپرنٹنڈنگ انجینئر وحید حسین شیخ نے منصوبے کے تعمیراتی مراحل اور پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی، اس موقع پر مدثر ظفر کھوسہ نے کہا کہ پٹ فیڈر کینال فیز ون بلوچستان کے پسماندہ اور زرعی علاقوں کیلئے انتہائی اہم منصوبہ ہے، کینال میں پانی کی باقاعدہ فراہمی سے لاکھوں ایکڑ زرعی اراضی کو سیراب کرنے میں مدد ملے گی

بقیہ 60

پر بیماریوں کی بروقت شناخت، احتیاطی تدابیر کے فروغ، عوام میں شعور و آگاہی پیدا کرنے اور صحت کی بنیادی سہولیات تک رسائی بہتر بنانے کے حوالے سے شرکاء کی استعداد کار میں اضافہ کرنا تھا۔ تربیتی پروگرام میں ہارون احمد، پروگرام آفیسر انڈس ہسپتال، محمد اسحاق، ڈسٹرکٹ پروگرام کوآرڈینیٹر، بی آر ایس پی ملیریا پروگرام، اور امیر عزیز، ماسٹر ٹرینرز نے شرکت کی اور شرکاء کو متعلقہ موضوعات پر تربیت فراہم کی۔ اس موقع پر کمیونٹی ہیلتھ ورکرز اور کمیونٹی ریسپانس پرسنز کی شرکت کو بھی اہمیت دی گئی، کیونکہ یہ افراد عوام کے ساتھ براہ راست رابطے میں رہتے ہوئے بیماریوں سے بچاؤ اور صحت سے متعلق معلومات عام کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شاہ زمان خان حمزہ زئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملیریا، ایچ آئی وی اور ٹی بی جیسی بیماریوں کی روک تھام کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنا، بروقت تشخیص، درست معلومات کی فراہمی اور عوام میں شعور و آگاہی پیدا کرنا نہایت ضروری ہے

بقیہ 61

(ڈی ای او) بختیار احمد خان کاکڑ نے دستخط کیے۔ اس تقریب میں گواہان کے طور پر چیئرپرسن شعبہ ایجوکیشن ڈاکٹر شاہجی احمد اور یونیورسٹی کے رجسٹرار خالد خان بھی موجود تھے اور انہوں نے دستاویزات پر دستخط کیے۔ معاہدے کی اہم تفصیلات و نکات: تربیت کا مقصد: اس معاہدے کا بنیادی مقصد شعبہ ایجوکیشن کے طلباء کو ضلع لورالائی کے سرکاری اسکولوں میں عملی تدریسی تربیت کا موقع فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنے نظریاتی علم اور تدریسی مہارتوں کو حقیقی اسکول ماحول میں استعمال کر سکیں۔ یہ معاہدہ دستخط کی تاریخ سے 3 سال کی مدت کے لیے نافذ العمل رہے گا، جسے فریقین کی باہمی رضامندی سے مزید آگے بڑھایا جا سکے گا۔ یونیورسٹی: طلباء کی فہرست ڈی ای او آفس کو فراہم کرے گی

بقیہ 62

یادداشتوں (MOU) پر دستخط کیے گئے بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن الائنس کے ساتھ طے پانے والے معاہدے کے تحت حاضر سروس اور وفات پا جانے والے ملازمین کے بچوں کو ٹیوشن فیس میں 30 فیصد رعایت دی جائے گی جبکہ پولیس شہداء کے بچوں کیلئے ٹیوشن فیس مکمل طور پر معاف ہو گی۔ اس کے علاوہ داخلہ فیس امتحانی فیس اور دیگر ادارہ جاتی اخراجات میں بھی خصوصی اضافی رعایتیں فراہم کی جائیں گی۔ اس موقع پر ڈی آئی جی ہیڈکوارٹر طاہر علاالدین نے کہا کہ اس شراکت داری کا مقصد پولیس اہلکاروں کے بچوں کو معیاری تعلیم تک رسائی فراہم کرنا اور پولیس خاندانوں کی تعلیمی ضروریات کو بہتر انداز میں پورا کرنا مقصود ہے انہوں نے کہا کہ یہ اقدام نہ صرف پولیس اہلکاروں کے خدمات کے اعتراف کا عملی مظہر ہے بلکہ ان کے خاندانوں کی فلاح و بہبود کی جانب ایک اہم قدم بھی ہے

بقیہ 63

کی نگرانی میں تعمیر کیا جا رہا ہے جس کا مقصد طلبہ کو بہتر، محفوظ اور جدید تعلیمی ماحول کی فراہمی کیلئے تعلیمی انفراسٹرکچر کو مزید مستحکم بنانا ہے دورے کے موقع پر اسکول کے ہیڈ ماسٹر طارق لاشاری اور پروجیکٹ ڈائریکٹر امان

اللہ رند بھی موجود تھے پروجیکٹ ڈائریکٹر امان اللہ رند نے ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں جاری تعمیراتی سرگرمیوں اب تک ہونے والی پیش رفت اور آئندہ کے مراحل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر نے زیر تعمیر عمارت کے مختلف حصوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور تعمیراتی کام کی رفتار معیار استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل کلاس رومز عمارت کے دیگر حصوں بنیادی سہولیات اور مجموعی تعمیراتی امور کا جائزہ لیا

بقیہ 64

مزید مضبوط اور باہمی محبت کو بڑھانے کے لیے کبیل مارکی میں ایک پروقار ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر موٹر سائیکل شوروم راؤ محمد ریاض حسین ضیاء نے کہا کہ یہ اتحاد نہ صرف ہمارے کاروباری مفادات کے تحفظ کے لیے سنگ میل ثابت ہو گا بلکہ شہر بھر میں موٹر سائیکل یونین کے مابین بھائی چارے اور یکجہتی کی ایک نئی مثال بھی قائم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس اتحاد میں شامل تمام سینئرز، دوستوں اور ساتھیوں کے تہہ دل سے مشکور ہیں

بقیہ 65

حل اور ان کے مفادات کے فروغ سے متعلق تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ نئی قیادت نے چیمبر کو مزید فعال اور مؤثر بنانے، کاروباری سہولت کاری اور ضلع وہاڑی کی صنعتی و تجارتی ترقی کے لیے مشترکہ جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اجلاس میں سینئر نائب صدر محمد آصف چوہدری، نائب صدر حافظ عبیداللہ، ایگزیکٹو ممبران شیخ فہد سلیم، محمد علی بشارت، محمد عثمان احمد، خالد حسین، ڈاکٹر محمد بلال، شیخ محمد معیز، چوہدری سرور موڈی، محمد آصف سعید، شیراز احمد، راشد طفیل، عدنان اشرف، اظہر غفور، محمد فاروق نعیم، محمد زین ایوب، محمد کامران اسلم رانا، محترمہ نوشین ناز ملک اور سیکرٹری جنرل زاہد سعید نے شرکت کی۔ میٹنگ کا اختتام دعائیہ کلمات پر ہوا۔

بقیہ 66

ٹورنامنٹ کے دوران نوجوان کھلاڑیوں نے شاندار فٹبال، بہترین ٹیم ورک اور کھیل کے جذبے کا مظاہرہ کیا۔ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی سید محمد طلحہ، صدر نیا ناظم آباد جمخانہ تھے، جبکہ محسن یوسفزئی، صدر نیشنل سوکر اکیڈمی (NSA) بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ اس موقع پر حمید اللہ خان، آصف شیخ، ڈاکٹر رفیق، سید عظمت آغا، یوسف خان، شیرال بلوچ، سبحان شاہ اور طٰہٰ علی سمیت دیگر معزز شخصیات، منتظمین، کوچز، کھلاڑیوں اور فٹبال شائقین نے شرکت کی۔ نیا ناظم آباد کے خوبصورت اور بہترین سہولیات سے آراستہ فٹبال گراؤنڈ پر کھیلے جانے والے اس ٹورنامنٹ میں نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا بھرپور موقع ملا۔ مختلف ٹیموں کے درمیان ہونے والے مقابلوں میں کھلاڑیوں نے اپنی فٹنس، مہارت اور کھیل پر گرفت کا شاندار مظاہرہ کیا، جبکہ فٹبال شائقین نے بھی مقابلوں میں بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا۔ ٹورنامنٹ کے اختتام پر بحریہ کارساز نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چیمپئن کا اعزاز حاصل کیا اور نیا ناظم آباد انٹر اسکول انڈر 17 فٹبال چیلنج کپ 2026 کی فاتح ٹرافی اپنے نام کر لی، جبکہ جنریشنز اسکول نے بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے رنر اپ پوزیشن حاصل کی۔ جنریشنز اسکول نے بھی ٹورنامنٹ کے دوران عمدہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کیا اور مسلسل بہترین کارکردگی کے ساتھ فائنل تک رسائی حاصل کی۔ فائنل میں جنریشنز اسکول کے کھلاڑیوں نے بھرپور مقابلہ پیش کیا، تاہم بحریہ کارساز نے کامیابی حاصل کر کے ٹائٹل اپنے نام کر لیا

بقیہ 67

گاڑی اس وقت چھینی جب گاڑی ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال تمپ کی حدود میں واقع رہائشی کوارٹر کے باہر کھڑی تھی۔ پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے

بقیہ 68

گاڑی اس وقت چھینی جب گاڑی ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال تمپ کی حدود میں واقع رہائشی کوارٹر کے باہر کھڑی تھی۔ پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے

بقیہ 69

ای) کی ٹیم بھی موقع پر موجود تھی، جس نے انتظامیہ کے ہمراہ غیر قانونی پانی کے کنکشنز اور پائپ لائنوں کے خلاف کارروائی میں حصہ لیا۔ کارروائی کے دوران کوئٹہ روڈ کے مختلف مقامات پر قائم متعدد غیر قانونی پانی کے کنکشنز منقطع کر دیے گئے۔ بعض مقامات پر غیر قانونی پائپ لائنوں کو ہٹانے میں دشواری کا سامنا ہونے پر ایکسکیویٹر مشین استعمال کی گئی، جس کی مدد سے غیر قانونی لائنوں اور کنکشنز کو ہٹانے کا عمل انجام دیا گیا۔ اس موقع پر انتظامیہ اور متعلقہ محکمہ کے حکام نے واضح کیا کہ شہر میں پانی کی منصفانہ تقسیم اور شہریوں کو پینے کے پانی کی بہتر فراہمی یقینی بنانے کے لیے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی ناگزیر ہے۔ غیر قانونی طریقوں سے سرکاری پانی حاصل کرنے کے باعث پانی کی تقسیم کا نظام متاثر ہونے اور دیگر شہریوں کو ان کے جائز حصے سے محروم ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ پانی کی فراہمی کے نظام کو قواعد و ضوابط کے مطابق چلایا جائے اور سرکاری وسائل کے غیر قانونی استعمال کی حوصلہ شکنی کی جائے۔ حکام نے مزید کہا کہ پانی کی سرکاری لائنوں سے غیر قانونی کنکشنز حاصل کرنے، پائپ لائنوں میں غیر مجاز ردوبدل کرنے اور سرکاری تنصیبات کو نقصان پہنچانے کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 70

خدا بادان کے رہائشی پولیس اہلکار پیر جان ولد محمد ابراہیم شہید ہو گیا واقعہ سے متعلق مزید تفتیش جاری ہے

بقیہ 71

زور پر چھین کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

بقیہ 72

گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ژوب کو فوری طور پر پوسٹ گریجویٹ کالج کا درجہ دینا انتہائی ضروری ہے جس کیلئے ہر فورم پر رابطے کر کے آواز بلند کرینگے، طلباء وطالبات کی سیاسی، ثقافتی اور غیر نصابی سرگرمیوں پر پابندی بلاجواز اور نوجوان تعلیم یافتہ طبقے کے صلاحیتوں کو زنگ آلود کرنے کے مترادف ہے پشتونخوا ایس او نے ملی شہید عثمان خان کاکڑ کی قیادت میں اس وقت سے لیکر اب تک تعلیمی اداروں کے قیام، تعلیم کو عام کرنے، معیاری تعلیم کی فراہمی اور تعلیمی اداروں کے مسائل حل کرنے کیلئے طویل اور صبر آزما جدوجہد کی ہے وہ ڈگری کالج ژوب میں طلباء کے عظیم الشان اجتماع سے خطاب کر رہے تھے

بقیہ 73

خدمات کو ہمیشہ قدر و احترام سے یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر حکیم لہڑی نے اپنی زندگی کے طویل عرصے میں عوامی مسائل کے حل، سیاسی و سماجی معاملات اور علاقے کی بہتری کے لیے اپنا کردار ادا کیا۔ ان کی وفات نہ صرف ان کے خاندان بلکہ سیاسی و سماجی حلقوں اور پورے بلوچستان کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔ میر حاجی اکبر لہڑی نے مرحوم کے اہل خانہ، عزیز و اقارب اور پسماندگان سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس غم کی گھڑی میں سوگوار خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ 74

کھوسہ نے مزید کہا کہ صوبائی وزیر میر محمد سلیم خان کھوسہ سے عوام نے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ جس طرح تحصیل جیا خان کھوسہ کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دلایا ہے، اسی طرح تحصیل ماجھی پور اور تاریخی شہر جھنڈ شریف کو بھی میونسپل کمیٹی کا درجہ دلانے میں اپنا کردار ادا کریں تاکہ عوام کا دیرینہ مطالبہ اور خواہش پوری ہو سکے۔

بقیہ 75

۔ اسی طرح، دوسری کارروائی میں ایس ایچ او تھانہ محمد پور علی اکبر ملک اور پولیس ٹیم نے گزشتہ روز شہری عارف سے چھینی گئی موٹر سائیکل برآمد کر کے تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد اصل مالک کے حوالے کر دی۔ مال مسروقہ بحفاظت ملنے پر متاثرہ شہریوں نے ایس ایس پی جیکب آباد کیپٹن (ر) فیضان علی اور متعلقہ پولیس افسران کا شکریہ ادا کیا۔ دوسری جانب، ایس ایس پی جیکب آباد کیپٹن (ر) فیضان علی نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران اور جوانوں کو شاباشی دی ہے اور ضلع بھر میں اسٹریٹ کرائمز اور چوری کی وارداتوں کی بیخ کنی کے لیے اقدامات مزید تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن رجسٹرڈ کے چیئرمین ملک حاجی عبدالرحمٰن بازئی کی سربراہی میں صوبائی کابینہ کا وفد ملاقات کر رہا ہے

گوادر پورٹ سے زمینی تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے اہم پیش رفت

گوادر پورٹ سے ایرانی ٹرانزٹ، TIR اور زمینی تجارتی سرگرمیوں کے فروغ پر غور

کوئٹہ(سٹاف رپورٹر) گوادر پورٹ سے زمینی تجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے اہم پیش رفت، کراچی میں اہم اجلاس منعقد، سرکاری اعلامیہ کے مطابق چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ کی زیرِ صدارت ڈائریکٹوریٹ جنرل ٹرانزٹ ٹریڈ کسٹم ہاؤس کراچی میں اجلاس میں گوادر پورٹ سے ایرانی ٹرانزٹ، TIR اور زمینی تجارتی سرگرمیوں کے فروغ پر غور، سرکاری اعلامیہ کے مطابق گوادر پورٹ سے تجارتی سرگرمیوں میں درپیش مسائل اور رکاوٹوں کے حل پر تفصیلی غور پاکستان کسٹمز، گوادر پورٹ اتھارٹی، چیمبرز آف کامرس، تاجروں اور کلیئرنگ ایجنٹس کے (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

کراچی، گوادر چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ گوادر پورٹ سے ایرانی ٹرانزٹ TIR اور زمینی تجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور درپیش مسائل کے حل سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کمشنر نصیرآباد کی زیرِ صدارت ڈویژنل ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس

مراکز صحت میں تعینات کیے گئے ڈاکٹرز اور اسٹاف نرسز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا' صلاح الدین نورزئی

نصیرآباد(خ ن) کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیرِ صدارت ڈویژنل ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس ویڈیو لنک کے ذریعے منعقد ہوا، جس میں سال 2025 میں فیز ٹو کے تحت مختلف اضلاع میں تعینات کیے گئے ڈاکٹرز، اسٹاف نرسز اور دیگر طبی عملے کی کارکردگی، حاضری، جائے تعیناتی پر موجودگی اور فرائض کی انجام دہی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ' اکاؤنٹس، ٹیکسیشن اور آئی ٹی آپریشنز کے موضوع پر ایک روزہ تربیتی سیشن

کوئٹہ(خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے افسران اور متعلقہ عملے کی استعدادِ کار میں اضافے اور عملی رہنمائی کیلئے اکاؤنٹس، ٹیکسیشن اور آئی ٹی آپریشنز کے موضوع پر ایک روزہ تربیتی سیشن منعقد کیا گیا۔ تربیتی (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے اہم اجلاس

ٹیکس دہندگان کو رجسٹریشن، انرولمنٹ، ریٹرن فائلنگ اور دیگر ٹیکس امور سے متعلق فراہم کی جانے والی رہنمائی اور معاونت پر غور کیا گیا

کوئٹہ(خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) میں ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں فون کالز، آن لائن پورٹلز اور ای میلز کے ذریعے ٹیکس دہندگان کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور شکایات کے اندراج، کارروائی اور بروقت ازالے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ٹیکس دہندگان کو رجسٹریشن، (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

گوادر' رجسٹرڈ کاشتکاروں میں بینظیر کسان کارڈ کی تقسیم اور بائیومیٹرک تصدیق کا عمل جاری

گوادر(خ ن) ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع گوادر مقبول احمد بلوچ نے کہا ہے کہ ضلع گوادر میں محکمہ زراعت کے زیر اہتمام رجسٹرڈ کاشتکاروں میں بینظیر کسان کارڈ کی تقسیم اور بائیومیٹرک تصدیق کا عمل جاری ہے ان کا کہنا تھا کہ محکمہ زراعت میں پہلے سے رجسٹرڈ (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

عوام کو صحت کی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے' ڈاکٹر مہر دین کھیتران

حکومتِ بلوچستان کی جانب سے سرکاری ہسپتالوں میں ادویات اور ضروری طبی سامان کی دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں

بارکھان(خ ن) وزیرِ اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومتِ بلوچستان کی جانب سے عوام کو معیاری اور بنیادی صحت کی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی تسلسل میں ڈی ایچ کیو ہسپتال بارکھان اور ڈی ایچ او آفس کیلئے ادویات اور ضروری طبی سامان کی مکمل کھیپ پہنچا دی گئی ہے۔ ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ ڈاکٹر مہر دین کھیتران کی خصوصی کاوشوں اور متعلقہ حکام سے مؤثر رابطوں کے نتیجے میں ادویات (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

سوراب' صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیر صدارت (DCC) کا اہم اجلاس

سوراب(خ ن) حکومت بلوچستان کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیر صدارت (DCC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایف سی بلوچستان 61 ونگ کمانڈر کرنل سید فخر رفیق طلحہ، ایس پی سوراب خورشید احمد بلوچ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)



وزیرِاعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کو رائز بلوچستان کی تقریب میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سونیئر پیش کر رہے ہیں

بدامنی، بدعنوانی اور دہشتگردی نے پورے بلوچستان کو متاثر کر رکھا ہے' مولانا ہدایت الرحمٰن

بلوچستان کے نوجوانوں کو بندوق نہیں بلکہ تعلیم، روزگار اور ترقی کے مواقع درکار ہیں

طاقتور طبقات، حکمرانوں اور مقتدر قوتوں کو اہل بلوچستان کو ہر قیمت پر فوری اور دیرپا امن دینا ہوگا، صوبائی امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ(این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ طاقتور طبقات، حکمرانوں اور مقتدر قوتوں کو اہل بلوچستان کو ہر قیمت پر فوری اور دیرپا امن دینا ہوگا۔ بدامنی، بدعنوانی اور دہشت گردی نے پورے بلوچستان کو متاثر کر رکھا ہے۔ طاقت کے استعمال اور فوجی آپریشن کے بجائے امن کے قیام کیلئے مذاکرات، بامقصد بات چیت اور سیاسی حل (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

حافظ احسان اللہ کی شہادت حکومتی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے' حافظ صدیق مدنی

جمعیت علماء اسلام کے رہنماء حافظ محمد صدیق مدنی کا حافظ احسان اللہ شہید کے قتل پر شدید ردعمل، ملزمان کی فوری گرفتاری اور امن وامان کی بحالی کا مطالبہ

چمن (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے رہنماء حافظ محمد صدیق مدنی نے دورہ حدیث کے طالب علم اور جمعیت طلبہ اسلام ضلع چمن کے نائب صدر مولوی حافظ احسان اللہ کی ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہادت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ چمن میں بدامنی، (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب میں پاکستانی افواج کی موجودگی تاریخ کا اہم موڑ اور دفاعی استحکام کی ضامن ہے' عبدالقادر

پاکستان ہمیشہ سے حرمین شریفین اور سعودیہ کی سلامتی کو اپنی اولین ترجیح مانتا آیا ہے

مکہ دفاعی معاہدہ" پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ابھرتے ہوئے اسٹریٹجک تعاون کا عکاس ہے' چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ(این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی جانب سے سعودی عرب میں پاک فوج کے دستوں کی موجودگی اور ' مکہ دفاعی معاہدے' سے متعلق اہم بیان کا خیرمقدم کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعلقات دہائیوں پر محیط اور لازوال ہیں، اور مکہ معاہدہ مسلم دنیا کے (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

لورالائی میں گرلز پرائمری اسکولوں کی نگرانی کا عمل تیز

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر فوزیہ درانی کے 40 سے زائد گرلز پرائمری اسکولوں کے اچانک دورے

لورالائی (عامر بشیر آرائیں) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (فیمیل) لورالائی فوزیہ درانی نے ضلع لورالائی کے مختلف علاقوں میں واقع چالیس سے زائد گرلز پرائمری اسکولوں کے اچانک دورے کیے، جن کے دوران انہوں نے تعلیمی اداروں میں اساتذہ اور طالبات کی جسمانی حاضری، تدریسی سرگرمیوں، صفائی ستھرائی، اسکولوں کے ماحول، تعلیمی ریکارڈ اور انتظامی امور کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ان اچانک دوروں کا بنیادی مقصد سرکاری گرلز پرائمری اسکولوں کی (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

ملک بھر کی طرح قلات میں یوم نجات قومی جوش وجذبے کے ساتھ منایا جارہا ہے

قلات(خ ن) ملک بھر کی طرح قلات میں بھی یوم نجات قومی جوش وجذبے کے ساتھ منایا جارہا ہے ضلعی انتظامیہ کی زیرنگرانی یوم نجات کی مناسبت سے ڈپٹی کمشنر کمپلیکس سے ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کی قیادت تحصیلدار حاجی عبدالغفار لہڑی نے کی۔ ریلی شاہی دربار روڈ سے ہوتی (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

ڈام بندر۔ دفعہ 144 کے نفاذ کی دھجیاں اڑا دی گئیں

منتظمین کے مبینہ غیر ذمہ دارانہ طرزِ عمل پر عوامی و ماہی گیر حلقوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی

سونمیانی وندر(رپورٹ۔ زبیر بلوچ) ڈام بندر۔ دفعہ 144 کے نفاذ کی دھجیاں اڑا دی گئیں جھولوں اور دیگر تفریحی سرگرمیوں پر مشتمل ایونٹ کے انعقاد کی تیاریاں جاری منتظمین کے مبینہ غیر ذمہ دارانہ طرزِ عمل پر عوامی و ماہی گیر حلقوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی مچھلی سیزن کے دوران اندرونِ سندھ اور بلوچستان سے ہزاروں ماہی گیر ڈام کی ساحلی پٹی پر موجود جبکہ ان کی (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

گردوں کے مریضوں کیلئے ڈائیلاسز کی سہولت بلاتعطل جاری

گوادر(خ ن) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ میر عبدالغفور ٹیچنگ اسپتال گوادر ڈاکٹر حفیظ بلوچ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بلوچستان کی گوادر صحتِ عامہ کی پالیسی اور مریضوں کو ان کی دہلیز پر معیاری و بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کے اقدامات کے تحت اسپتال میں ڈائیلاسز سمیت دیگر ضروری طبی خدمات تسلسل کے ساتھ فراہم کی جارہی ہیں۔

وزیرِ اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی حکومت اور بی آر ایس پی کے اشتراک سے شروع کردہ پروگرام رائز بلوچستان کے تحت تربیت مکمل کرنے والی خواتین کو سرٹیفکیٹس دے رہے ہیں

کوئٹہ کے عوام مزید بدامنی، خوف وہراس اور سماجی انتشار کے متحمل نہیں ہوسکتے' مولانا عبدالرحمٰن رفیق

آج 9 اکتوبر بروز جمعہ نماز ظہر کے بعد جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی دفتر سے امن ریلی نکالی جائے گی

کوئٹہ(پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی مجلس عمومی کا اہم اجلاس ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں مجلس عمومی کے اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس کی جانب سے پیش کردہ ایجنڈے کے مطابق مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران حافظ (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

تربت' محکمہ اریگیشن نے میرانی ڈیم کمانڈ ایریا میں پانی کی غیر قانونی ترسیل اور پانی چوری کے خلاف کارروائی

تربت(خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کیچ اور محکمہ اریلیشن نے میرانی ڈیم کمانڈ ایریا میں پانی کی غیر قانونی ترسیل اور پانی چوری کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد غیر قانونی (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ پریس کلب مرحوم صحافیوں کی یاد میں تعزیتی ریفرنس کا انعقاد

سینئر صحافیوں مرحوم سید خلیل الرحمٰن، سید عابد بخاری، حبیب الرحمٰن، عبدالستار کاکڑ اور زبیر ابا بکی کو زبردست الفاظ

کوئٹہ(پ ر) کوئٹہ پریس کلب اور بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے زیر اہتمام کوئٹہ میں انتقال کر جانے والے سینئر صحافیوں سید خلیل الرحمٰن، سید عابد بخاری، حبیب الرحمٰن، عبدالستار کاکڑ اور زبیر ابا بکی کی یاد میں ایک تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا گیا ریفرنس کے انعقاد کے دوران مقررین نے مرحوم صحافیوں کو ان کے صحافتی خدمات پر زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ کوئٹہ پریس کلب میں منعقدہ سیمینار میں مرحوم صحافیوں کے لواحقین اور اہلخانہ نے بھی شرکت (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

سائرہ عطاء سے گوٹھ اسماعیلانی کے سماجی کارکن ایم عیسیٰ رونجہ کی سربراہی میں وفد کی ملاقات

اوتھل(خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء سے گوٹھ اسماعیلانی کے سماجی کارکن ایم عیسیٰ رونجہ اور مفتی غلام رسول رونجہ کی سربراہی میں یونین کونسل اسماعیلانی کے وفد نے ملاقات کی وفد نے اجتماعی مسائل کے حوالے (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

خطرناک کیڑے کے حملے نے کسانوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے' حاجی عین الدین کھوسہ

کسانوں کو کیڑے کے خاتمے کے لیے مفت معیاری اسپرے فراہم کرنے کے احکامات جاری کیے جائیں

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) صحبت پور کے سیاسی وسماجی رہنما و زمیندار میر حاجی عین الدین خان کھوسہ نے کہا ہے کہ صحبت پور سمیت دیگر علاقوں میں کھیتوں میں کھڑی چاول کی فصل پر خطرناک قسم کے پتا لپیٹ کیڑے کا حملہ جس سے کھڑی فصل بری طرح متاثر ہورہی ہے میر حاجی عین الدین خان کھوسہ نے کہا کہ یہ کیڑا چاول کے پتوں کو جڑ سے کھا جاتا ہے، کسان اپنی مدد آپ کے تحت مہنگے داموں بازار سے اسپرے خرید کر فصل کو بچانے کی کوشش کر رہے (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

ڈائریکٹر نیب بلوچستان بمعہ دیگر مقررین بلوچستان اکیڈمی برائے کالج ٹیچرز کے شرکاء سے نیب کے کام کا طریقہ کار اور بدعنوانی کے خاتمے میں اساتذہ کے کردار کے حوالے سے خطاب کر رہے ہیں

لورالائی' ملیریا پروگرام کے تحت چار روزہ آئی سی ایم تربیتی پروگرام کا دوسرا روز

درست معلومات کی بنیاد پر عوام میں پائی جانے والی غلط فہمیوں کو دور کیا جا سکتا ہے' مقررین

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) ملیریا پروگرام کے تحت چار روزہ آئی سی ایم تربیتی پروگرام کے دوسرے روز ایک اہم تربیتی نشست ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شاہ زمان خان حمزہ زئی کی زیرِ صدارت منعقد ہوئی، جس میں محکمہ صحت کے متعلقہ حکام، تربیتی ماہرین، کمیونٹی ہیلتھ ورکرز اور کمیونٹی رسپانس پرسنز نے شرکت کی۔ تربیتی پروگرام کا مقصد کمیونٹی کی سطح (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

کچھی کینال فیزون کا منصوبہ پایہ تکمیل کو پہنچ چکا ہے' مدثر ظفر کھوسہ

نصیرآباد(خ ن) صوبائی وزیر اریلیشن میر محمد صادق عمرانی صوبائی سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمٰن بلوچ اور چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی کے احکامات کی روشنی میں سپرنٹنڈنگ انجینئر اریلیشن سرکل نصیرآباد مدثر ظفر (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میڈیا فورم شعبہ خواتین کا اعلان

صدف غوری صدر، فائزہ صدیقی جنرل سیکرٹری، نرگس نہاں سیکرٹری اطلاعات ہونگی۔ مرکزی اعلامیہ

کوئٹہ(پ ر) بلوچستان میڈیا فورم کے جاری کردہ مرکزی اعلامیہ کے مطابق فورم میں خواتین کے امور سے متعلق عہدیداران کا اعلان کردیا گیا ہے۔ جس کے مطابق معروف کالم نویس، مصنف، شاعرہ "محترمہ صدف غوری صدر، معروف شاعرہ، مصنفہ، محترمہ فائزہ صدیقی جنرل سیکرٹری اور معروف شاعرہ، مصنفہ، کالم نویس محترمہ نرگس نہاں سیکرٹری اطلاعات ہونگی۔ دریں اثناء بلوچستان میڈیا فورم خواتین کی صدر صدف غوری، جنرل سیکرٹری فائزہ صدیقی، سیکرٹری (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے' سائرہ عطاء

لسبیلہ(خ ن) لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے ڈویژنل ہیڈکوارٹر اوتھل میں قائم کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے دفتر کا باقاعدہ افتتاح اپنے دستِ مبارک سے کردیا۔ اس موقع پر سرکاری افسران، عمائدین علاقہ اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

اپکا ضلع لورالائی کے نومنتخب عہدیداران کی ایڈیشنل کمشنر اعجاز جعفر سے خوشگوار ماحول میں ملاقات

ملازمین کے مسائل کے حل کے لیے مثبت، تعمیری اور باہمی احترام پر مبنی طرزِ عمل اختیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (اپکا) ضلع لورالائی کے نو منتخب ضلعی صدر صمد پشتون، نائب صدر سید شہاب الدین اور وائس چیئرمین محمد اسد ناصر پر مشتمل وفد نے کمشنر آفس لورالائی ڈویژن میں ایڈیشنل کمشنر جناب اعجاز جعفر سے ملاقات کی۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور، سرکاری ملازمین کے (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

ایڈیشنل کمشنر اعجاز جعفر سے اپکا ضلع لورالائی کے نومنتخب عہدیداران ملاقات کر رہے ہیں

لورالائی یونیورسٹی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس کے درمیان تدریسی تربیت کے حوالے سے اہم معاہدہ طے پا گیا

نگرانی کے لیے فیکلٹی سپروائزرز نامزد کرے گی اور طلباء کی حاضری و کارکردگی کی مانیٹرنگ کرے گی

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) جامعہ لورالائی کے شعبہ ایجوکیشن کے طلباء و طالبات کی سرکاری اسکولوں میں عملی تدریسی تربیت (Teaching Practice) فراہم کرنے کے لیے یونیورسٹی آف لورالائی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس، ضلع لورالائی کے درمیان ایک مفاہمت کی یادداشت (MoU) پر باقاعدہ دستخط ہو گئے ہیں۔ اس معاہدے پر یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ خان کاکڑ اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

جعفرآباد' اے ایل پی، وی ٹی سی اور آئی ٹی سنٹرز کے سالانہ فائنل امتحانات کا سلسلہ جاری

جعفرآباد(خ ن) گورنمنٹ آف بلوچستان محکمہ تعلیم اور یونیسیف ایجوکیشن سپورٹ پروگرام کے باہمی اشتراک سے ضلع جعفرآباد میں "ہنرمند بلوچستان، ہنرمند جعفرآباد" پروگرام کے تحت قائم اے ایل پی، وی ٹی سی اور آئی ٹی سنٹرز کے سالانہ فائنل امتحانات کا سلسلہ جاری ہے۔

محمد حسیب شجاع کا عوامی مسائل کے فوری حل پر زور

سرکاری محکموں کی کارکردگی میں بہتری اور انتظامیہ وعوام کے درمیان مضبوط رابطہ وقت کی اہم ضرورت ہے، ڈپٹی کمشنر لورالائی

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کی بروقت نشاندہی، شہریوں کی شکایات کا مؤثر ازالہ اور لوگوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داریوں میں شامل ہیں۔ عوام کو درپیش مشکلات کا حل، ان کی شکایات پر سنجیدگی سے توجہ دینا اور متعلقہ محکموں کے ذریعے مسائل کے حل (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

غیرمعیاری آٹے کی فروخت سے متعلق سامنے آنے والی خبر پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا سخت نوٹس

کوئٹہ(خ ن) سوشل میڈیا پر غیر معیاری آٹے کی فروخت سے متعلق سامنے آنے والی خبر پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سخت نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو غیر معیاری آٹے کے خلاف مؤثر کارروائی کی ہدایات (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

لورالائی یونیورسٹی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفس کے درمیان تدریسی تربیت کے حوالے سے معاہدہ پر دستخط کیا جارہا ہے

آبنائے ہرمز سے متعلق بڑی پیش رفت، ایران اور عمان کا محفوظ بحری راستوں پر اتفاق

عمان کے ساحل کے قریب بعض ایسے راستوں کو بند کرنے کا منصوبہ ہے جنہیں تہران غیر قانونی راستے قرار دیتا ہے

منصوبے میں بحری ٹریفک کے انتظام اور متعلقہ معلومات ایک دوسرے کے ساتھ شیئر کرنے کے طریقہ کار پر بھی کام شامل

تہران(این این آئی) ایران اور عمان نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کیلئے مخصوص محفوظ بحری راستوں کے جغرافیائی نقاط پر اتفاق کرلیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے بتایا کہ دونوں ممالک نے آبنائے ہرمز میں داخل ہونے اور وہاں سے نکلنے والے بحری جہازوں کیلئے مقررہ محفوظ راستوں کے جغرافیائی کوآرڈینیٹس طے کرلیے ہیں۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے ارنا (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر حکیم لہڑی کی وفات سے بلوچستان مدبر سیاستدان سے محروم ہوگیا' اکبر لہڑی

کوئٹہ(پ ر) معروف قبائلی شخصیت، بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما اور آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے جنرل سیکرٹری میر حاجی اکبر لہڑی نے بلوچستان کے ممتاز بزرگ سیاستدان ڈاکٹر حکیم لہڑی کے انتقال پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹر حکیم لہڑی کی وفات سے بلوچستان ایک بزرگ، مدبر اور تجربہ کار سیاسی شخصیت سے محروم ہوگیا ہے، مرحوم کی سیاسی، سماجی اور عوامی (بقیہ 73 صفحہ 3 پر)

جیاخان کھوسہ کو تحصیل کا درجہ دلانے کے بعد اب اس کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دلانا خوش آئند اقدام ہے' حاجی نصیر کھوسہ

میر سلیم کھوسہ مانجھی پور اور تاریخی شہر جھنڈ شریف کو بھی میونسپل کمیٹی کا درجہ دلانے میں اپنا کردار ادا کریں

ڈیرہ اللہ یار (بیورو چیف) صحبت پور کی سیاسی وسماجی شخصیت وسابق یوسی ناظم درکھی میر حاجی نصیر احمد خان کھوسہ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ صوبائی وزیر میر محمد سلیم خان کھوسہ کی انتھک کاوشوں کی بدولت جیاخان کھوسہ کو تحصیل کا درجہ دلانے کے بعد اب اس کو میونسپل کمیٹی کا درجہ دلانا ایک خوش آئند اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے عوام کو بے حد فائدہ پہنچے گا اور عوام کے دیرینہ مسائل حل ہوں گے۔ عوام نے اس بہترین عمل کو سراہا ہے میر حاجی نصیر احمد خان (بقیہ 74 صفحہ 3 پر)

بلوچستان پولیس کا اپنے اہلکاروں اور ان کے خاندانوں کے فلاح و بہبود کیلئے دو اہم معاہدوں پر دستخط

داخلہ فیس امتحانی فیس اور دیگر ادارہ جاتی اخراجات میں بھی خصوصی اضافی رعایتیں فراہم کی جائیں گی

کوئٹہ(خ ن) بلوچستان پولیس نے اپنے اہلکاروں اور ان کے خاندانوں کے فلاح و بہبود کیلئے دو اہم معاہدوں پر دستخط کئے ہیں جن کے تحت تعلیم اور صحت کے شعبوں میں نمایاں سہولیات اور مالی رعایتیں فراہم کی جائیں گی۔ اس سلسلے میں بلوچستان پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن اور کارپوریٹ ہیلتھ سروسز (CHS) کے ساتھ الگ الگ مفاہمتی (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر اُستا محمد کا گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول اُستا محمد کی زیرِ تعمیر عمارت کا تفصیلی دورہ

اُستا محمد(خ ن) ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال نے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول اُستا محمد کی زیرِ تعمیر عمارت کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ مذکورہ تعلیمی منصوبہ پروجیکٹ ڈائریکٹر (پی ڈی) امان اللہ رند (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد: پولیس کی کامیاب کارروائیاں، چھینی گئی دو موٹر سائیکلیں برآمد' اصل مالکان کے حوالے

دوداپور اور محمد پور پولیس کے چھاپے؛ ایس ایچ او معشوق علی جکھرانی اور علی اکبر ملک کی کارروائیاں

جیکب آباد (رپورٹ انیس جکھرانی) جیکب آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے مختلف مقامات سے چھینی گئی دو موٹر سائیکلیں برآمد کرلی ہیں، جنہیں ضابطے کی کارروائی اور تصدیق کے بعد ان کے اصل مالکان کے سپرد کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، ایس ایچ او تھانہ دوداپور ایس آئی پی معشوق علی جکھرانی اور ان کے عملے نے ایک کامیاب کارروائی کے دوران گڑھی خیرو کی حدود سے رمیز ملگانی کی چھینی گئی موٹر سائیکل بازیاب کرلی (بقیہ 75 صفحہ 3 پر)



میلسی موٹر سائیکل یونین کے دھڑے ختم، مکمل اتحاد کا اعلان

اتحاد کے سلسلے میں جمیل مارکی میں پروقار ڈنر کا اہتمام

میلسی (جنرل رپورٹر-ذوالفقار احمد گاذر) اتحادِ امت اور باہمی اتفاق ہی کامیابی کی سب سے بڑی کنجی ہے! میلسی موٹر سائیکل یونین کے تمام اختلافات ختم، تمام معزز ممبران اور دونوں دھڑے ایک پلیٹ فارم پر یکجا ہو گئے۔ اس سلسلے میں اتحاد و اتفاق کی فضا کو (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

وہاڑی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی نئی ایگزیکٹو کمیٹی کا پہلا اجلاس

صدر شیراز کاظمی کی زیر صدارت تنظیمی امور اور کاروباری ترقی پر غور

میلسی (جنرل رپورٹر-ذوالفقار احمد گاذر/) وہاڑی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی نومنتخب ایگزیکٹو کمیٹی برائے مدت 2026-2028 کا پہلا باضابطہ اجلاس چیمبر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت نومنتخب صدر سید شیراز حسین کاظمی نے کی۔ اجلاس میں چیمبر کے انتظامی و تنظیمی امور، آئندہ کی ترجیحات اور وہاڑی کی کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل رینٹ اسسمنٹ کمیٹی کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجگور' نامعلوم مسلح افراد کے حملے میں ایک پولیس اہلکار شہید ہوگیا

پنجگور(این این آئی) پنجگور کے علاقے خدابادان میں نامعلوم مسلح افراد کا ایک گھر پر دستی بموں اور دیگر خودکار ہتھیاروں سے حملہ پولیس کے مطابق نامعلوم مسلح افراد کے حملے سے (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

فریدآباد' نامعلوم افراد نے اسلحہ کے زور ایک شخص سے موٹر سائیکل نقدی موبائل فون چھین کر فرار

ڈپ کے مقام پر منشی جان محمد لاشاری نامی شخص کا سی ڈی موٹر سائیکل ماڈل 2026 موبائل فون نقدی رقم لے گئے

فریدآباد (نامہ نگار) پولیس تھانہ جیاء خان سے نامعلوم افراد نے اسلحہ کے زور ایک شخص سے موٹر سائیکل نقدی موبائل فون چھین کر کے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ جیاء خان کی حدود ستار ڈپ کے مقام پر منشی جان محمد لاشاری نامی شخص کا سی ڈی موٹر سائیکل ماڈل 2026 موبائل فون نقدی رقم نامعلوم مسلح افراد نے اسلحہ کے (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

انٹر اسکول انڈر 17 فٹبال چیلنج کپ 2026

بحریہ کارساز نے ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ 14 ٹیموں نے حصہ لیا

کراچی/کوئٹہ(پ ر) نیا ناظم آباد کے سرسبز و شاداب فٹبال گراؤنڈ پر نیا ناظم آباد انٹر اسکول انڈر 17 فٹبال چیلنج کپ 2026 کے دلچسپ اور سنسنی خیز ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف اسکولوں کی انڈر 17 کی 14 ٹیموں نے بھرپور شرکت کی۔ (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

تمپ' نامعلوم مسلح افراد نے پولیو آفیسر سے گاڑی چھین لی

تمپ (این این آئی) تمپ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیو آفیسر سے گاڑی چھین لی پولیس کے مطابق جمعرات کو تمپ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر تمپ ڈاکٹر نبی داد بگٹی کی گاڑی گن پوائنٹ پر چھین لی۔ مسلح افراد نے ڈرائیور سے (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

لورالائی' کوئٹہ روڈ پر پانی کے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف آپریشن، متعدد کنکشنز منقطع

اسسٹنٹ کمشنر احمد زیب کی سربراہی میں کارروائی، غیر قانونی پائپ لائنیں ہٹانے کے لیے ایکسکیویٹر مشین کا استعمال

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن ریٹائرڈ محمد حسیب شجاع کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کی سربراہی میں کوئٹہ روڈ پر پانی کے غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی کی گئی۔ آپریشن میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام مطالبات کے حق میں دستخطی مہم کا افتتاح آج ہوگا

کوئٹہ(این این آئی) جماعت اسلامی کے زیرِ اہتمام مطالبات کے حق میں دستخطی مہم کا افتتاح امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ آج جمعہ 9 اکتوبر بعد نماز ظہر دوپہر 2 بجے مدرسہ دارالرشاد جامع مسجد چمن پھاٹک میں کریں گے

معیاری تعلیم ہی کے ذریعے ہر شعبہ زندگی میں اعلیٰ ماہرین پیدا ہوسکتے ہیں' خوشحال کاکڑ

وطن کے طلباء وطالبات نے اعلیٰ تعلیم کے حصول میں انتہائی محنت سے کام لیکر علم کے حصول پر بھرپور توجہ دینی ہوگی

ژوب(این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین ممبر قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وطن کے طلباء وطالبات نے اعلیٰ تعلیم کے حصول میں انتہائی محنت سے کام لیکر علم کے حصول پر بھرپور توجہ دینی ہوگی اور معیاری تعلیم ہی کے ذریعے ہر شعبہ زندگی میں اعلیٰ ماہرین پیدا ہوسکتے ہیں جو قوم کا اثاثہ ثابت ہونگے ہر ڈویژن کے مرکز میں اعلیٰ یونیورسٹی کا قیام اور (بقیہ 72 صفحہ 3 پر)

بحریہ کارساز کی ٹیم کا نیا ناظم آباد انٹر اسکول انڈر 17 فٹبال چیلنج کپ 2026 جیتنے پر خوشی منا رہی ہے

عظیم الشان اجتماع کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور دعوت کا سلسلہ جاری

لاڑکانہ شہر سے مرشد دستگیر بادشاہ پیر کے بڑی گیارہویں شریف میں حاضری کی دینے کیلئے تیاریاں کردی ہیں

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) 24 اکتوبر کو عظیم الشان بین الاقوامی بڑی گیارہویں شریف کا اجتماع سندھ کے دیھ سوھو خیر پور میرس شہر میں منعقد ہوگی، یہ عظیم الشان عالمی اجتماع سندھ کے مشہور روحانی درگاہ حضرت سید محمد عاشق علی شاہ جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے سجادہ نشین پیر سید محمد سردار علی شاہ جیلانی کی صدارت میں منعقد ہوگا، عظیم الشان اجتماع کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور دعوت کا سلسلہ جاری ہے اور سندھ کے مشہور درگاہ کے صاحبزادگان سید گل احمد شاہ جیلانی، سید عبدالقادر شاہ جیلانی، سید محمد میراں شاہ جیلانی اور دیگر نے عالمی بڑی گیارہویں (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر قلعہ سیف اللہ دورے کے موقع پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اہلکاروں میں تعریفی اسناد تقسیم کر رہے ہیں